بیادِ حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت ®

جلد نمبر 68 | MARCH 2016 | شمارہ نمبر 12

بانیٔ ادارہ نجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ

شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ

مڈل ایسٹ 6500 روپے

انڈیا، ایران، سری لنکا 6500 روپے

یورپ، فار ایسٹ 7500 روپے

امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 8500 روپے

قیمت 70 روپے

سالانہ چندہ 750 روپے

لائف ممبرشپ 9000 روپے

لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

کاشانۂ زنجانی

D-125 گلبرگ II لاہور

فون: 042-35752277, 35872277

موبائل: 0300-9483758

Email: aienaeqismat@gmail.com

19-A جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی

Ph: 051-5581756

Cell # 0300-4135822

نزد ہمدرد دواخانہ، آرام باغ روڈ کراچی فون: 021-32217544

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی 125-D گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

قمر زیدی

شایانِ شان تری کر سکیں بیان
اتنی مجال معنی الفاظ میں کہاں
میں بندہ فقیر و گنہگار اور تو
غفار و پروردگار و مددگار و مہربان
پروردگار قادرِ مطلق ہے تیرا نام
اک حرف کُن سے تو نے بنائے ہیں دو جہاں
یکتا ہے تیری ذات، دوامی تری صفات
قلب بشر میں ہے جو ہے نہاں تجھ پہ ہے عیاں
اندازہ و خیال و قیاس و گمان سے دور
تو ہر فضائے غیب و یقین میں ہے ضوفشاں
سوچوں تو اِردگرد سے دیکھوں تو آس پاس
محسوس گر کروں تو دل و جان میں ہے نہاں
طائر ہوا کے دوش پہ ماہی درونِ آب
شمس و قمر خلا میں ہیں تیرے ہی مداح خواں

حدیث قدسی

اللہ سبحانہٗ تعالیٰ فرماتا ہے:

حضرت ابوذر غفاریؓ سے روایت ہے کہ آنحضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ اے میرے بندو! میں نے ظلم کو اپنے نفس پر حرام فرما لیا ہے اور تمہارے آپس میں بھی ظلم کو حرام فرما دیا ہے، لہٰذا ظلم نہ کرو۔

نعت

افروز عالم

حضورﷺ ایسا کوئی انتظام ہو جائے
کہ پھر مدینہ روانہ غلام ہو جائے
نصیب والوں میں میرا بھی نام ہو جائے
جو زندگی کی مدینے میں شام ہو جائے
میں کامیاب رہوں گا اگر دمِ آخر
زباں پہ جاری محمدﷺ کا نام ہو جائے
فضول گوئی سے بچ جائے یہ زبان میری
میرا کلام درود و سلام ہو جائے
دیا رضا و ضیا کو دیا جو مرشد کو
عطا مجھے بھی شہاﷺ ایسا جام ہو جائے
عبیدؔ مر کے مدینے میں پا چکا ہے بقیع
خبر وطن میں کبھی تو یہ عام ہو جائے
شہاﷺ عبیدؔ رضا در بدر پھرے کب تک
حضورﷺ اس کا مدینہ مقام ہو جائے

سلام

شعیب جاذب

دنیائے تیرگی میں اُجالا حسینؓ ہے
سورج ہے جس کے پاؤں کا چھالا حسینؓ ہے
گردن اُٹھائے ظلم تو دستار گر پڑے
انسانیت کی قامتِ بالا حسینؓ ہے
راضی ہے تو رسولؐ کے قدموں میں بیٹھ کر
دوشِ نبیﷺ پہ بیٹھنے والا حسینؓ ہے
حق کے خلاف کیسے جھکے گی کوئی زباں
ظلم و ستم کے ہونٹ کا تالا حسینؓ ہے
جس کے لہو سے اب بھی معطر ہے کربلا
خوشبو کو جس نے دین میں ڈھالا حسینؓ ہے
جاذب یہ بات اہل جفا جانتے بھی تھے
نوکِ سناں پہ جس کو اُچھالا حسینؓ ہے

بتاریخ 9 مارچ 2016ء، بوقت 6 بجکر 54 منٹ، بمقام اسلام آباد بتاریخ 23 مارچ 2016ء، بوقت 17 بجکر 0 منٹ، بمقام اسلام آباد

آسمانی کونسل **2016**ء میں ستاروں کی عجیب و غریب نشست پوری دنیا کے لیے بیک وقت نیومون اور مکمل سورج گرہن کا ہونا دنیا بھر اور خصوصاً عالم اسلام کے لیے مستقبل کے خطرناک حقائق و واقعات کی نشان دہی کرتے ہیں۔ طالع برج حوت کے زائچہ میں بیشتر کواکب بارہویں چھٹے نحس گھروں میں شمس، قمر، عطارد، زہرہ، راہو اور نیپچون جبکہ مشتری راہو چھٹے نویں دسویں کا مشترکہ حاکم زحل ہمراہ مریخ عدلیہ، پارلیمنٹ، پڑوسی ممالک **9، 11، 3، 6** طالع سے بارہواں گھر سیاسی نجوم میں خاص اہمیت رکھتا ہے۔ فروری، مارچ، اپریل اور خصوصاً مارچ گرہنوں کے بداثرات کے سبب خاصی ہنگامہ خیز ماہ دکھائی دیتا ہے۔ ملک و ملت کے خفیہ جاسوسی اداروں کی اہمیت و ر کنگ میں اضافہ اہم ملکی سیاسی سماجی شخصیات حادثات سے دوچار ہوسکتی ہیں۔ حکومت کی مخالف قوتیں حکومت کے خلاف یکجا ہوں۔ حکومت کی مخالف خفیہ سیاسی و نام نہاد مذہبی تنظیمیں حکومت کے خلاف سرگرم رہیں۔ گرہن زدہ سورج کی بارہویں نشست رفاع عامہ ہسپتال، جیلوں وغیرہ میں رش کے سبب سہولتوں کی کمی سے لوگوں کو تکالیف کا سامنا، بے چینی، گڑبڑ، فساد جیسی صورت حال پیدا ہوسکتی ہے۔ متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افراد کے سکینڈل منظر عام پر آنے کے سبب شخصیات کی رسوائی ہو۔ قمر کی بھی بارہویں نشست حکومت کے خلاف معمولی افواہیں تخت یا تختہ کرسکتی ہیں۔ حکومت کے خلاف خفیہ تحریکوں میں عوام کی شمولیت بہت بڑھ جائے۔ جس سے عوام سحر زدہ اور نفسیاتی دباؤ میں رہیں۔ ملکی سرد سز کے گھروں کو متاثر کرتے ہوئے مارچ کا مہینہ عالمی سطح اور خصوصاً پاکستان کے داخلی خارجی حالات کو متاثر، وفاقی و صوبائی حکومتوں کے مابین آئینی غلط فہمیاں جنم لیں۔ سیاسی حکومت کوئی سیاسی غلطی کرسکتی ہے جس کا خمیازہ سیاست دانوں کے ساتھ ساتھ عوام و خواص بھی متاثر ہوں۔ بارہویں گھر بیشتر ستاروں کی نشست اندرونِ ملک دہشت گردی کے حوالہ سے افواہوں کی گردش سے خوف و ہراس کی فضا رہے۔ حکومت کو داخلی و خارجہ اہم نئے چیلنج کا سامنا رہے۔ بہت سے متنازعہ امور ابھریں اور حکومت کے خلاف سیاسی محاذ آرائی اچانک بڑھے۔ نیز حکومت نئے بلدیاتی اداروں کو مالی اور قانونی اختیارات نہ دیے تو حکومت کی ساکھ بُری طرح متاثر ہو۔ مارچ کے سورج چاند گرہنوں کے بداثرات کے سبب طالع دسویں کے مشترکہ حاکم مشتری کا ہمراہ راہو چھٹے ہونا حکمرانوں کی سیاسی سبکی، تنزلی کا اشارہ ہے۔ مریخ کا نویں اپنے ہی گھر میں ہونا عدلیہ اور عسکری اداروں کے مابین بگڑتے ہوئے متوقع حالات کے سبب خاموش سمجھوتہ مزید اختیارات اور ملکی امن و امان کی صورت حال پر قابو پانے کے لیے مثبت اقدامات کیے جائیں جو وقت کا تقاضا بھی ہوگا۔ پارلیمنٹ میں آئینی و قانونی پیچیدگیوں کو دور کرنے کے لیے ماہرین اور معزز پارلیمنٹ کی خدمات لی جائیں۔ بارہویں گھر مکمل سورج گرہن ملک دشمن دہشت گردوں کی سرکوبی کا اشارہ، مگر دیگر اہم کواکب کا چھٹے بارہویں اجتماع پاکستانی عوام حکمرانوں سے بھی قربانی کا اشارہ ہے۔ جزوی چاند گرہن دوسرے ملکی معیشت کے گھر ہونے سے حکمرانوں کی خرابی صحت اور ان کی سیاسی کمزوری کا اشارہ ہے۔ فروری مارچ اپریل اہم سیاسی شخصیت کی موت کا اندیشہ، عوام کا صحت عامہ کے اداروں پر عدم اعتماد، متعدی امراض، موسمی تغیرات کی وجہ سے نقصانات، آندھی طوفان باد و باراں رونما ہوں۔

دیگر ممالک: یورپی ممالک پناہ گزینوں کے ساتھ معیشت کے اُتار چڑھاؤ، سٹاک مارکیٹوں میں کمزوری کے سبب متاثر ہوں۔ سعودی عربیہ، یمن، ایران، شام تنازعہ کے حل کے لیے امریکہ، روس اور پاکستان سفارتی کوششیں جاری رکھیں۔ افغانستان کے علاوہ دیگر اسلامی ممالک میں داعش کے خطرات بڑھیں۔ متوقع عالمی دہشت کے خطرات پر قابو پانے کے لیے متاثرہ ممالک کا آپس کا اتحاد بڑھے۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء **25** مارچ **23** بجکر **6** منٹ تا **28** مارچ **11** بجکر **46** منٹ تک رہے گی۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ کرنا ہرگز نیک نہیں ہے۔

نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذربائیجان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔

30 مارچ 2009 میں کینیڈین پارلیمنٹ کے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔ البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکشا فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی پیدائش کا دن سمجھا جاتا ہے۔ کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ 15 مارچ 2010ء کو 384 ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فنظر نظرۃ فی النجوم o فقال انی سقیم o

ترجمہ: پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

فضیلت عید نوروز

حضرت مجلبین خانیسؒ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

(1) یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اُس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک کار نہ دے۔

(2) یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

(3) اسی دن حضرت نوحؑ کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہِ جودی پر قرار پکڑا۔

(4) اسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگتے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے، خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم اِن ہڈیوں پر پانی چھڑکو، تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو بقدرت خدا وہ سب زندہ ہو گئے۔ اسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ 30 ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حزقیلؑ تھے۔

(5) اسی روز حضرت علیؑ نے دوشِ مبارک رسولِ خداؐ پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔ (6) نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

(7) نوروز کے ہی دن حضرت امیر المومنینؑ کو خلافت ملی۔

(8) نوروز کے ہی دن امیر المومنینؑ نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔ (9) انشاء اللہ اسی روز امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔

(10) اسی روز باقی سارے امامؑ دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

(11) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

آئینہ قسمت
مارچ 2016ء

کائناتِ اقوامِ عالم میں خوشی منانے کا دن پاکستان میں اس کا نام جشنِ (نوروز) بہاراں

نوروز عالم افروز 2016

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

2016 بادشاہ سال شمس ہونے سے دنیا بھر کے سربراہان مملکت اپنی حکمرانی کی مضبوطی کیلئے جمہوری اقدار کی پرواہ نہ کریں

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پرنور سید المنشور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بین نوروز عالم افروز 20 مارچ 2016ء بروز اتوار 9 بجکر 31 منٹ صبح اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 20 مارچ 4 بجکر 31 منٹ صبح اور نیویارک، واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) 19 مارچ 23 بجکر 31 منٹ نصف شب ہوگا۔ مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابوطالب علیہ السلام امام المشارق والمغارب ہوگا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسولؐ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظامِ شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادرِ فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی ہر شے کو چند ھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق والمغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 20 مارچ 9 بجکر 31 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو 20 مارچ 4 بجکر 31 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آرہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز اور نہایت اہم ہوتا ہے۔ تاہم نے چاروں نوروز کے (اسلام آباد) پاکستان کا زائچہ کشید کیا ہے لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ یہ زائچے سبھی اوتاد کہلاتے ہیں یعنی زائچہ سال نوروز اوتاد اول **حمل** سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان**، سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان**، چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جاسکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب و غریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

احکامات نوروز عالم افروز

(1) بادشاہ سال	شمس ☉	20 مارچ 2016
(2) وزیر اعظم سال	مریخ ♂	31 جون 2016
(3) سپہ سالار سال	مشتری ♃	22 ستمبر 2016
(4) مشیر سال	عطارد ♄	21 دسمبر 2016

نوروز عالم افروز 2016ء آسمانی کونسل پر بڑا اور اہم دربار ہر سال 21/20 مارچ کو سج جاتا ہے۔ پوری دنیا کے منجمین بارہ منطقۃ البروج میں سجے ستاروں کی اس محفل سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔ علم نجوم کی آگاہی پوری دنیا میں اب روزِ روشن کی طرح نمایاں ہوتی جارہی ہے۔ میڈیا کی ترقی نے جہاں اور کئی ابواب روشن کیے ہیں۔ وہاں الیکٹرانک میڈیا، انٹرنیٹ نے عام عوام میں بھی علم نجوم کا شوق پیدا کیا ہے۔ علم نجوم انفرادی ہو یا سیاسی یہ زندگی کے ہر شعبہ میں راہنمائی عطا کرتا ہے۔ علم نجوم (ناسا فلکیاتی نتائج) کے سبب یہ ایک سائنسی علم کا درجہ رکھتا ہے۔ قطعاً کوئی غیب اور نہ ہی مجذوبانہ علم ہے۔ چاروں زائچہ نوروز میں تین میں ذوجسدین برج جوزا جمہوری اور ایک ثابت برج ثور ڈکٹیٹر طلوع ہوں گے۔ ان بروج کے مالکان عطارد وزہرہ ہیں۔ **پوری دنیا میں میڈیا کا راج اخباری، ادبی، اشاعتی، تجارتی، کاروباری اور دانشور لوگ دنیاوی مسائل کے حل کے لیے کوشاں رہیں**۔ میڈیا پر فنکارانہ راج بھی رہے۔ فیشن، حسن وزیبائش وآرائش، میک اَپ انڈسٹری ترقی کرے، الیکشن کے ساتھ مزاحیہ فلم، ڈرامہ کا عروج رہے۔

زائچہ اول نوروز: طالع ذوجسدین برج جوزا کا زائچہ اپنے اندر عجیب وغریب خواص واثرات لے کر طلوع ہو رہا ہے۔ پوری قوم کا گھر (طالع) عطارد دسویں سربراہ مملکت کے گھر ذنب کے درجات سے متاثر اخباری، نشریاتی اداروں میں اہم سیاسی شخصیات پر تنقید اور آٹھویں نویں کا مشترکہ حاکم زحل ساتویں اور ساتویں کا حاکم چوتھے ہونے سے خارجہ پالیسی میں تبدیلیاں، دوست ممالک سے کاروباری تجارتی، ثقافتی روابط بڑھیں۔ اندرونِ ملک انفراسٹرکچر، مواصلاتی سڑکوں کا جال بچھنے لگے گا۔ زہرہ کا وتد السماء پر قیام مشتری سے مکمل ناظر ہونے سے عوامی تقاریب حکمران پارٹی کے جلسے جلوس، کنونشن اور دعوتیں، اہم شخصیات کی شادیاں، ایوارڈ اور اعزازات وانعامات تقسیم، مرکز اور صوبوں میں متعدد تقریبات ہوں۔ سیاسی نجوم میں ساتویں کی اہمیت یوں بھی بڑھ جاتی ہے کہ اس کا تعلق غیر ممالک کے ساتھ تنازعے، جھگڑے، جنگی جھڑپوں کا ہے۔ یہاں نحس کواکب مریخ زحل کا اجتماع کواکب 6، 8، 9، 11 کے مالکان ہو کر مریخ اوتاد کے گھروں خانہ مال جبکہ زحل نویں طالع اور چوتھے گھروں کو متاثر کر رہا ہے۔ پڑوسی ممالک ملک دشمن عناصر، اندرونِ ملک اور سرحدوں پر اندرونِ ملک تعمیراتی کاموں، رخنہ اندازی، رکاوٹیں ڈالنے، دہشت گردی کے واقعات، پڑوسی ملک خصوصاً بھارت سے پاک کشمیر بارڈر پر تنازعات، جنگی ماحول جیسے حالات رہیں۔ یوں تو ہماری مسلح افواج ہر دم چوکس رہ کر وطن عزیز کی حفاظت کرتی ہیں۔ 20 مارچ تا 20 جون تک زائچہ نوروز وزارتِ دفاع، داخلہ وخارجہ کو ہر محاذ خصوصاً میڈیا پر چوکس رہنے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔

زائچہ دوم نوروز: دوسرا ذوجسدین جوزوی زائچہ اپنے اندر کرشمات ملکی حالات کی نشاندہی کرتا ہے۔ اوتاد کے مالکان عطارد مشتری کا اپنے اندر راج یوگ کی سعادت لیے ہوئے زائچہ بھرپور ملکی اندرونِ ملک عوامی ترجمانی کے لیے میڈیا، سیاسی لیڈران متحرک رہیں۔ ملکی مفادات، تعمیری سرگرمیوں کے لیے متفق ہوں۔ ملکی دفاعی عسکری اخراجات میں اضافہ اور حکومت وقت ممکنہ ضروریات سے بڑھ کر دفاعِ وطن پر توجہ دے۔ چھٹے گیارہویں کا مشترکہ حاکم مریخ ہو کر چھٹے میں رہتے ہوئے 9، 12 اور طالع کو ناظر ہونے کے سبب مریخ یہاں طاقتور مضبوط ہونے کے سبب ملکی سروسز کے ادارے افواج، پولیس، سول سروس مضبوط وباہم روابط میں منسلک ہو کر ملکی ترقی کا باعث بنیں۔ انرجی کرائسز، بڑے شہروں خصوصاً کراچی میں پانی کی کمی دور کی جائے، پانی کے ذخائر کے لیے کئی ایک چھوٹے ڈیم بنانے کے ساتھ ساتھ کالا باغ ڈیم پر بھی دفاعی ادارے سیاسی قیادت کو متفق کرنے کی نیک کوشش

کریں۔ ستارہ مشتری ساتویں دسویں مشتر کہ گھر کا مالک ہو کر چوتھے فطرتی گھر میں ہونے کے سبب ملکی زراعت و معدنیات کی پیداوار میں مزید بہتری پبلک مقامات، باغات، پارک، اسکول، کالج اور یونیورسٹیوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ اپوزیشن جماعتیں بھی ملکی تعمیر و ترقی، مفادِ عامہ میں اکٹھی ہوں۔ زائچہ کے ساتویں گھر 22، 23، 24، 25 اگست مریخ زحل حالت قران میں ہونے کے سبب جبکہ 14 / 15 اگست یوم آزادی پاکستان قوم کی آزمائش آنے کے سبب جذبہ حب الوطنی کے تحت اکٹھی ہوں۔ انٹیلی جنس ادارے، الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا، شاعر و ادیب، دانشور قوم میں یگانگت پیدا کریں۔

زائچہ سوم نوروز: طالع برج ثور کا زائچہ دیگر تینوں زائچوں سے الگ قمر عطارد کے علاوہ سبھی کواکب نحس 6، 8 گھروں میں مقیم ہونے کے سبب ملک، قوم، سلطنت پر کوئی اہم اور آزمائش کا وقت ہو سکتا ہے۔ میڈیا، کاروبار، سٹاک شیئرز کا اور ملکی فنانس کا مشتر کہ حاکم عطارد پانچویں اپنے گھر شرف یافتہ مضبوط ہونے کے سبب سٹاک مارکیٹ میں اُتار چڑھاؤ کے بعد تیزی رہے گی۔ عوام الناس اپنی آمدن بڑھانے، حاصل آمدنی کے لیے، لاٹریوں، انعامی بانڈز کے لیے کئی ان جیسی اسکیموں پر عمل درآمد کریں۔ سمجھ دار لوگوں کی اچانک لائف انشورنس و کاروباری بیمہ پالیسیوں میں دلچسپیاں بڑھیں۔ اقلیتوں کے حقوق و تحفظ کے لیے مؤثر منصوبہ بندی اور انہیں ممکنہ مراعات دینے کے لیے وزارتِ مذہبی امور فعال رہے۔ طب، سرجری، گردوں، جگر، پھیپھڑوں کے شعبوں میں سرکاری ہسپتالوں میں عام مریضوں کی طبی سہولتوں میں اضافہ۔ دیہی علاقوں میں بھی صحت عامہ، تعلیم، فن دستکاری، ہنرمندی حکومتی اداروں کی سپورٹ رہے گی۔

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت و دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبر و صندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دسترخوان پر سرخ و سپید و سبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم 46 مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ یَامُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابِ وَیَامُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ وَیَامُقَلِّبَ
اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنیوالے اسباب کے اور اے پھیرنیوالے
الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ وَیَاغِیَاثَ الۡمُسۡتَغِیۡثِیۡنَ وَیَادَلِیۡلَ الۡمُتَحَیِّرِیۡنَ وَیَامُفَرِّحَ
دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت
الۡمَحۡزُوۡنِیۡنَ اَغِثۡنِیۡ اَغِثۡنِیۡ تَوَکَّلۡتُ عَلَیۡكَ یَارَبِّیۡ وَفَوَّضۡتُ اِلَیۡكَ
دینے والے غمگینوں کے میری فریاد سن میری فریاد سن بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا
اَمۡرِیۡ یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ یَااَللّٰہُ یَابَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیۡمُ
اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنیوالے اے رزاق اے کھولنے والے اے سخی

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نمازِ ظہرین 4 رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربتہ الی اللہ، اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ سورہ قل یاایھا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر 2 رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ قل ھواللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ الۡاَوۡصِیَاءِ الۡمَرۡضِیِّیۡنَ وَ عَلٰی جَمِیۡعِ اَنۡبِیَائِكَ وَ رُسُلِكَ بِاَفۡضَلِ صَلَوَاتِكَ وَ بَارِكۡ عَلَیۡھِمۡ بِاَفۡضَلِ بَرَکَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰی اَزۡوَاجِھِمۡ وَ اَجۡسَادِھِمۡ اَللّٰھُمَّ بَارِكۡ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ بَارِكۡ لَنَا فِیۡ یَوۡمِنَا ھٰذَا الَّذِیۡ فَضَّلۡتَہٗ وَ کَرَّمۡتَہٗ وَ شَرَّفۡتَہٗ وَ عَظَّمۡتَ خَطَرَہٗ اَللّٰھُمَّ بَارِكۡ لِیۡ فِیۡمَا اَنۡعَمۡتَ بِہٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشۡکُرَ اَحَدًا غَیۡرَكَ وَ وَسِّعۡ عَلَیَّ فِیۡ رِزۡقِیۡ یَا ذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ اَللّٰھُمَّ مَاغَابَ عَنِّیۡ فَلَا یَغِیۡبَنَّ عَنِّیۡ عَوۡنُكَ وَ حِفۡظُكَ وَ مَا

فَقَدتُّ مِن شَیءٍ فَلَا تَفقُدنِی عَونُكَ عَلَیهِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحتَاجُ اِلَیهِ یَا ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَامِ ہ

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیٰؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات و کوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق 18 ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی 18 مارچ تھی۔ قمری و عیسوی دونوں تواریخ (18) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق 17 مارچ تھی)۔ نوروز عموماً 20 یا 21 مارچ کو آتا ہے۔ 10ھ کی 18 ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبیین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ 24 ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربك اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الیٰ مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

فضائلِ روزِ عیدِ غدیر

☆ ماہ ذوالحجہ کی اٹھارویں تاریخ کو عیدِ غدیر ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ بروز ⑱ ذوالحجہ عید غدیر تمام عیدوں سے بڑی عید ہے

☆ اس روز رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے مقام پر امیر المومنینؑ کو اپنا خلیفہ و جانشین مقرر فرمایا۔

☆ اس دن ایک درہم صدقہ دینا ایک لاکھ درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔

☆ اہل سنت والجماعت کی معتبر تفاسیر اور تراجم میں ان کے علماء نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہ آیت مجیدہ غدیر خم کے مقام پر حضرت علیؑ کے بارے میں نازل ہوئی جیسا کہ درج ذیل تحریر سے ثابت ہے

☆ ابن ابی حاتم نے ابوسعید خدریؓ سے روایت کی ہے کہ درج ذیل آیت غدیر خم میں جناب حضرت علیؑ کی ولایت کے اعلان کے بارے میں نازل ہوئی (حبیب السیر جلد ۳)

یَا اَیُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغ مَا اُنزِلَ اِلَیكَ مِن رَّبِّكَ ؕ وَاِن لَّم تَفعَل فَمَا بَلَّغتَ رِسَالَتَهٗ (مائدہ:۶۷)

اے رسول جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے پہنچا دو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو سمجھو تم نے اس کا کوئی پیغام ہی نہیں پہنچایا (تفسیر در منثور جلال الدین سیوطی)

☆ جب اعلانِ ولایت علیؑ ہو چکا تو جبرائیلؑ یہ درج ذیل آیت لے کر نازل ہوئے (تفسیر در منثور جلد ۲ صفحہ ۲۰۹)

اَلیَومَ اَکمَلتُ لَکُم دِینَکُم وَاَتمَمتُ عَلَیکُم نِعمَتِی وَرَضِیتُ لَکُمُ الاِسلَامَ دِینًا (مائدہ:۳)

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شاعر حسان بن ثابت نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کو اس شعر کے ساتھ مبارک باد دی اور آپ کی مداح سرائی کی۔ (تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۲۰)

فَقَالَ لَهٗ قُم یَا عَلِیُّ فَاِنَّنِی ❋ رَضِیتُكَ مِن بَعدِی اِمَامًا وَّهَادِیًا

پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی اٹھو بیشک میں نے تمہیں اپنے بعد امام اور ہادی پسند کیا ہے

فضائل روز مباہلہ

☆ جب حضرت رسول اکرمؐ کے علمی و عقلی براہین کے بعد بھی نصاریٰ نجران اپنے غلط عقیدہ پر ڈٹے رہے تو اللہ کی طرف سے آپ کو ان کے ساتھ مباہلہ کا حکم اس آیت میں دیا گیا فَقُل تَعَالَوا نَدعُ اَبنَآءَنَا وَاَبنَآءَکُم وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَکُم وَاَنفُسَنَا وَاَنفُسَکُم ثُمَّ نَبتَهِل فَنَجعَل لَّعنَتَ اللّٰهِ عَلَی الکٰذِبِینَ ۝۶۱ (کہو کہ اچھا میدان میں آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں کو (بلائیں) اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی جانوں کو (بلائیں) اور تم اپنی جانوں کو اس کے بعد سب مل کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں (آل عمران:۶۱)

☆ جب آپؐ اپنے اہل بیتؑ کے ساتھ ۲۴ ذوالحجہ کو میدان میں پہنچے تو علمائے نصاریٰ (عیسائیوں) کا سردار عاقب ان کی طرف دیکھ کر کہنے لگا اللہ کی قسم میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے کو کہیں تو یقیناً ہٹ جائیگا اسی میں خیریت ہے کہ مباہلہ سے ہاتھ اٹھاؤ ورنہ قیامت تک نسل نصاریٰ (عیسائیوں) سے ایک نہ بچے گا۔ (تفسیر جلالین، بیضاوی جلد اول صفحہ ۱۱۸ مطبوعہ مصر)

مشترکہ اعمالِ عیدِ غدیر و مباہلہ

☆ غسل کرنا، نیا لباس پہننا، خوشبو لگانا، خوشی کرنا، مومنین کو کھانا کھلانا، روزہ رکھنا، مصافحہ کرنا، روزے دار کو افطار کرانا اور بکثرت صلوات پڑھنا سنت مؤکدہ اور باعث فضیلت ہے۔

☆ عید غدیر و عید مباہلہ کے روزے کا ثواب ساٹھ سالوں کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

☆ ان دونوں دنوں کا روزہ دنیا کی زندگی کے برابر ہے اور سو حج اور سو عمروں کے ثواب کے برابر ہے۔

☆ ۱۸/ ۲۴ ذوالحجہ کو کسی مومن بھائی کو کھانا کھلانا اس طرح سے ہے کہ گویا اس نے تمام پیغمبروں اور صدیقین کو کھانا کھلایا ہو۔ اگر کوئی ان دنوں میں اپنے کسی مومن بھائی کا روزہ افطار کرائے تو گویا اس نے ایک لاکھ پیغمبر، صدیق اور شہیدوں کا روزہ افطار کرایا۔

☆ عید غدیر اور عید مباہلہ کے دن زوال آفتاب سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید اور دس مرتبہ سورۂ قدر اور دس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔

☆ اس نماز کا ثواب و فضیلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک لاکھ حج اور ایک لاکھ عمرہ کے برابر ہے

☆ نماز کے بعد جو بھی حاجات طلب کریگا پوری ہوں گی۔ (انشاء اللہ)

آئندہ ڈیڑھ سال 2017/2016

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

آپ کی زندگی میں آنے والی نئی تبدیلیاں

آپ نے اکثر نجومی حضرات سے سنا ہوگا کہ راہو کیتو یا راس و ذنب آپ کے زائچے میں فلاں خرابی پیدا کررہے ہیں یا کسی نحوست کا باعث ہیں، وغیرہ وغیرہ، آیئے آپ کو بتاتے ہیں کہ یہ راہو کیتو یا راس و ذنب کیا ہیں اور کسی بھی زائچے میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟ ممکن ہے بعض لوگ یہ سمجھتے ہوں کہ یہ سیارے یا ستارے ہیں جو ہمارے نظام شمسی میں دیگر سیارگان کی طرح گردش کررہے ہیں لیکن ایسا نہیں ہے، راس و ذنب درحقیقت دو سائے ہیں جن کا تعلق سیارہ قمر سے ہے، بے شک یہ سائے ہمارے نظام شمسی میں اپنی مخصوص رفتار سے حرکت کررہے ہیں اور اکثر ان کی وجہ سے سورج اور چاند گہن واقع ہوتے ہیں، اصطلاحاً انہیں ''عقدین القمر'' یعنی چاند کی گرہیں یا گانٹھیں کہا گیا ہے، انگریزی میں انہیں "The Moon's Nodes" اور سنسکرت یا ہندی میں راہو اور کیتو کہا جاتا ہے، ان کی حرکت دائرۃ البروج میں سیارگان کے برخلاف ہوتی ہے، گویا سیارگان کی سیدھی چال کے برخلاف یہ الٹی چال چل رہے ہوتے ہیں۔

قدیم یونانی یا ویدک نظریات کے مطابق انہیں ایک بڑے اژدھے سے تشبیہ دی گئی ہے اور راس کو اس اژدھے کا سر Dragon Head اور ذنب کو دُم Dragon Tail کہا جاتا ہے لیکن یونانی یا ویدک نظریات میں دونوں کی خصوصیات میں خاصی حد تک اختلاف پایا جاتا ہے، یونانی نظریات کے مطابق راہو کو مثبت اور اور ذنب کو منفی خیال کیا جاتا ہے لیکن ویدک نظریات کے مطابق دونوں کو منفی سمجھا جاتا ہے، یہ ایک علمی اختلاف ہے جو قدیم زمانے سے چلا آرہا ہے، اس کے فلسفیانہ پہلوؤں پر گفتگو فی الوقت ہمارا موضوع نہیں ہے۔

برج سنبلہ اور حوت

گزشتہ سال 12 نومبر کو راس و ذنب نے اپنے برج تبدیل کیے ہیں، راس برج سنبلہ میں اور ذنب برج حوت میں داخل ہوگیا ہے، فی الوقت ہمارا موضوع ان دونوں ''پرچھائیوں'' کے اثرات کا جائزہ لینا ہے کہ آئندہ ڈیڑھ سال کے دوران میں یہ دنیا پر اور عام لوگوں پر کیا اثرات مرتب کریں گے، راس و ذنب کسی ایک برج میں تقریباً 19 ماہ کا عرصہ گزارتے ہیں اور جس برج میں ان کا قیام ہوتا ہے، عام طور پر سورج اور چاند گہن اسی برج میں لگتے ہیں، اس حوالے سے آئندہ تقریباً ڈیڑھ سال تک سورج اور چاند گہن برج سنبلہ اور حوت میں ہوں گے۔

شمسی یا پیدائشی برج

واضح رہے کہ یہ مضمون یونانی علم نجوم کے اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے تحریر کیا جارہا ہے اور یقیناً ویدک علم نجوم کے حوالے سے بہت سے اختلافی مسائل ہوسکتے ہیں، ویدک سسٹم کے مطابق راہو کیتو کے اثرات و خواص پر ہم نے اپنی کتاب پیش گوئی کا فن حصہ دوم میں علیحدہ سے ایک تفصیلی مضمون لکھا ہے، بہر حال موجودہ مضمون سے استفادے کے لیے آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم ہونا چاہیے، آپ کا شمسی برج (Sun Sign) یا آپ کا پیدائشی برج (Birth Sign) آپ کو معلوم ہونا چاہیے، اگر برتھ سائن معلوم ہے تو یہ زیادہ اچھی بات ہوگی، اس طرح آپ راس و ذنب کے اثرات کا زیادہ معتبر طریقے سے جائزہ لے سکیں گے، اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش یا پیدائش کا وقت معلوم نہیں ہے تو پھر اپنی شادی کی تاریخ کے مطابق اپنا زائچہ بنائیں اور اس کے مطابق راس و ذنب کی ٹرانزٹ پوزیشن دیکھیں کہ وہ زائچے کے کون سے گھروں سے گزر رہے ہیں؟

زائچے کے بارہ گھر

پہلا گھر: اگر زائچے میں راس پہلے گھر میں ہے تو آپ کو اپنی شناخت کے شعور کا از سر نو احساس ہوگا، آپ کیا بننا چاہتے تھے اور کیا بننا چاہتے ہیں، یہ احساس شدت اختیار کرے گا، آپ اپنی انفرادی شخصیت کے بارے میں زیادہ حساس ہو جائیں گے اور اپنی ہی محبت میں مبتلا ہوں گے، اگر اب تک آپ دوسروں کے ہاتھوں میں کھیلتے رہے ہیں تو اب ہوشیار ہو جائیں گے اور اپنے مفادات کے لیے کوششیں تیز کریں گے، اپنی شخصیت کو اور اپنی ذات کو نمایاں کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس صورت حال میں ذنب آپ کے زائچے کے ساتویں گھر میں ہوگا جو تعلقات اور شراکتی امور کا گھر ہے لہٰذا آپ کے دوسروں سے تعلقات متاثر ہو سکتے ہیں، شریک حیات سے بھی آپ کا رویہ تبدیل ہو سکتا ہے اور آپ زیادہ تنقیدی رویہ اختیار کر سکتے ہیں، اس کی شخصیت میں آپ کو خامیاں نظر آنے لگیں گی جو کوئی معقول بات نہیں ہوگی، وہ لوگ جو کسی پارٹنر شپ میں کاروبار کر رہے ہیں، ان کے اپنے پارٹنر سے تعلقات میں خرابی پیدا ہو سکتی ہے اور پارٹنر شپ ختم ہونے کا امکان موجود ہے۔

دوسرا گھر: اگر راس زائچے کے دوسرے گھر میں ہے تو آپ کی آمدن میں اضافہ ہوگا، آپ ترقی کریں گے اور بہت زیادہ کام کرنے کا رجحان پیدا ہوگا لیکن اس کا منفی اثر آپ کی صحت پر بھی ہو سکتا ہے، اس عرصے میں آپ کی کوئی ڈوبی ہوئی رقم بھی آپ کو مل سکتی ہے، اپنی آمدن کو بڑھانے کے لیے آپ کوئی پارٹ ٹائم جاب بھی شروع کر سکتے ہیں یا اپنا سرمایہ کسی اور کاروبار میں اس لیے لگا سکتے ہیں کہ آپ کی انکم بڑھ جائے۔ ذنب آپ کے آٹھویں گھر پر حملہ آور ہے جو دوسرے لوگوں کے مال و متاع کا گھر ہے لہٰذا اس شخص کے ساتھ آپ کا جھگڑا ہو سکتا ہے جس کے ساتھ آپ نے سرمایہ کاری کی ہے لہٰذا اس طرف سے محتاط رہیں کہ آپ کس کے ساتھ مل کر پیسا لگا رہے ہیں، اگر آپ کا کوئی وراثتی مسئلہ ہے اور آپ کو ترکہ ملنے والا ہے تو جائیداد کی تقسیم پر آپ کسی فتنہ و فساد کا شکار ہو سکتے ہیں، بہتر ہوگا کہ ایسی صورت حال کو گفت و شنید اور مصلحت یا حکمت عملی سے کنٹرول کریں، شریک حیات کے ساتھ بھی کوئی تنازع خطرناک صورت اختیار کر سکتا ہے۔

تیسرا گھر: اگر راس آپ کے زائچے کے تیسرے گھر سے گزر رہا ہے تو پڑوسیوں یا قریبی رشتے داروں اور چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ آپ کی مصروفیات میں اضافہ ہوگا، آپ ان کے معاملات میں زیادہ دلچسپی لیں گے یا وہ آپ کی طرف زیادہ متوجہ رہیں گے، یہ الگ بات ہے کہ بعد میں اس حد سے بڑھے ہوئے میل جول کے نتیجے میں بہت سے شکوے شکایات بھی پیدا ہو جائیں، ذہنی طور پر آپ بہت چاق چوبند ہوں گے، اپنے خیالات کا بہت عمدگی کے ساتھ اظہار کر سکیں گے، اگر آپ رائٹر ہیں تو کوئی اعلیٰ درجے کی تحریر منظر عام پر لا سکتے ہیں، راس کا تیسرے گھر میں قیام اہل صحافت اور دیگر اہل قلم حضرات کے لیے بے حد فائدہ بخش ہوتا ہے۔ ذنب آپ کے زائچے کے نویں گھر سے گزر رہا ہے لہٰذا مزید تعلیم کا حصول اہمیت اختیار کر سکتا ہے جو ظاہر ہے آپ کے کریئر کے لیے مستقبل میں منافع بخش ثابت ہوگا، کسی وجہ سے اگر آپ کا تعلیمی سلسلہ رکاوٹ کا شکار ہوا تھا تو اب اسے آگے بڑھایا جا سکتا ہے اور آپ کو اس سلسلے میں کوئی کوتاہی نہیں کرنی چاہیے، اس کے علاوہ مذہب اور روحانیت سے لگاؤ بھی اس عرصے میں زیادہ شدت اختیار کر سکتا ہے، خصوصاً زیادہ عمر کے افراد اس عرصے میں مذہبی و روحانی شدت پسندی اختیار کر سکتے ہیں۔

چوتھا گھر: راس کی یہ پوزیشن آپ کو اپنے گھر، جائیداد اور خاندانی معاملات کی طرف متوجہ کرتی ہے، اگر کوئی خاندانی مسئلہ برسوں سے ذہنی الجھن کا باعث بنا رہا ہے تو اب اس کے حل ہونے کا وقت آ گیا ہے، اپنے گھر کو مزید آرام دہ بنانے پر توجہ ہوگی یا گھر تبدیل کرنے کے بارے میں سوچا جائے گا اور اس پر عمل کیا جائے گا، وہ لوگ جو ذاتی گھر نہیں رکھتے، اپنے گھر کے مالک ہو سکتے ہیں، بہر حال زمین و جائیداد سے متعلق معاملات اور خاندانی معاملات اس عرصے میں خصوصی اہمیت اختیار کریں گے۔ دسویں گھر میں ذنب پیشہ ورانہ امور میں مسائل پیدا کر سکتا ہے، اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ آپ اپنے گھر اور خاندان کے معاملات میں خود کو بہت زیادہ مصروف کر لیں اور کریئر کے معاملات عارضی طور پر پس پشت چلے جائیں، گویا یہ عرصہ کریئر کے حوالے سے زیادہ اطمینان بخش نہیں ہوگا۔

پانچواں گھر: راس کی پانچویں گھر میں موجودگی تخلیقی قوتوں کو بڑھاتی ہے، صرف یہی نہیں کہ آپ کی اولاد میں کوئی اضافہ ہو بلکہ آپ اپنے ذرائع آمدن میں اضافے کے لیے کوئی نیا پروجیکٹ بھی شروع کرسکتے ہیں، آپ کے فیصلے اور اقدام اس عرصے میں نہایت دانش وارانہ ہوسکتے ہیں، آپ کے اندازے درست ثابت ہوں گے، یہ وقت انعامی اسکیموں یا اسٹاک مارکیٹ اور شیئرز کے کاروبار سے بھی فائدہ دینے والا ثابت ہوسکتا ہے، ممکن ہے آپ نے برسوں پہلے اگر کوئی پرائز بانڈ خرید کر رکھا تھا تو اب اُس پر کوئی انعام نکل آئے، راس کی اس گھر میں موجودگی بڑی ہنگامہ خیز ہوتی ہے، آپ کا ذہن رسا عجیب عجیب گل کھلاتا ہے، زندگی میں نئے پھول کھلتے ہیں اور نئی کلیاں مسکراتی ہیں، خصوصاً رومانی زندگی میں کوئی نئی بہار نہایت خوش کن انداز میں آپ کو اپنے حصار میں لیتی ہے اور اس صورت میں آپ سب کچھ بھول کر محبت کی خوشبو سے مسحور ہوتے ہیں لیکن خیال رہے کہ راس اس گھر میں موجودگی کے دوران کسی ایسے اسکینڈل کو بھی جنم دے سکتا ہے جو بعد میں ذلت اور رسوائی کا باعث بن جائے اور اس کی وجہ ذنب کا گیارھویں گھر میں قیام ہوسکتی ہے۔ ذنب آپ کے زائچے کے گیارھویں گھر میں ہوگا، یہ پوزیشن آپ کو اپنے مخلص دوستوں اور احباب سے دور لے جائے گی، بعض آپ کے مخالف بھی ہوسکتے ہیں، آپ اپنی زندگی کے جھمیلوں میں اتنے مصروف اور مگن ہوں گے کہ آپ کو دوست احباب کے جذبات پر توجہ دینے کی فرصت ہی نہیں ہوگی اور یہی بات ان کی ناراضگی اور بدگمانی کا باعث ہوسکتی ہے، یاد رہے کہ دوست زیادہ خطرناک دشمن ثابت ہوتے ہیں۔

چھٹا گھر: صحت اور کام کے گھر میں راہو کی آمد خوش گوار ثابت ہوگی، آپ کے خواب شرمندۂ تعبیر ہوں گے، آپ کو خوشیاں ملیں گی اور بہت سے فوائد حاصل ہوں گے، صحت کے مسائل ختم ہوجائیں گے یا برائے نام رہ جائیں گے، آپ خود کو زیادہ توانا محسوس کریں گے، صحت سے متعلق مسائل کو زیادہ سنجیدگی سے لیں گے، ورزش کی طرف متوجہ ہوسکتے ہیں اور پرہیز کے معاملے میں بھی زیادہ باقاعدگی کا مظاہرہ کریں گے، اپنا وزن کم کریں گے، آپ کی کارکردگی بہتر ہوگی، آپ دوسروں کے لیے بھی رضاکارانہ خدمات انجام دینے کا فیصلہ کرسکتے ہیں جس سے آپ کو روحانی خوشی حاصل ہوگی، بہر حال آپ کی مصروفیات معمول سے بڑھ جائیں گی اور اس کے نتیجے میں آپ اپنی باطنی یا روحانی کیفیات پر زیادہ توجہ نہیں دے سکیں گے۔ ذنب آپ کے زائچے کے بارھویں گھر میں ہوگا لہٰذا شعور کا فقدان اور بعض معاملات میں شدت پسندانہ رجحان سامنے آسکتا ہے، آپ کے اصل ٹارگٹ نظروں سے اوجھل ہوسکتے ہیں لہٰذا زندگی کے روحانی پہلوؤں کو نظرانداز نہ کریں، اس عرصے میں سب سے زیادہ نقصان روحی یا روحانی پہلوؤں کا ہوتا ہے۔

ساتواں گھر: راس کی یہ پوزیشن بڑی اہمیت کی حامل ہے، تعلقات اور ہر طرح کی پارٹنرشپ اس گھر سے متعلق ہے، اس عرصے میں آپ شادی کرسکتے ہیں اور ازدواجی بندھن میں بندھ سکتے ہیں، درحقیقت ہر طرح کی پارٹنرشپ چاہے وہ نجی ہو یا کاروباری نوعیت کی، آپ کو بے حد فائدہ پہنچاسکتی ہے کیوں کہ آپ اس عرصے میں اپنے تعلقات کو بہتر بنانے کی عمدہ صلاحیت رکھتے ہیں، اگر کسی کے ساتھ آپ کی دشمنی چل رہی ہے اور اس کی طرف سے مسائل کھڑے ہورہے ہیں تو آپ ایسی حکمت عملی اختیار کرسکتے ہیں کہ وہ دشمن آپ کا دوست بن جائے، آپ دوسروں کی حمایت اور تعاون با آسانی حاصل کرنے کے قابل ہوں گے، اس وقت آپ بیرون ملک سفر کا پروگرام بھی بناسکتے ہیں یا کسی دوسرے ملک میں مستقل رہائش کے بارے میں سوچ سکتے ہیں۔ ذنب آپ کے پہلے گھر میں حرکت کررہا ہوگا لہٰذا یہ ممکن ہے کہ آپ اپنے پارٹنر کے مقابلے میں اپنی شناخت کھودیں، کسی موقع پر وہ یہ محسوس کرسکتا ہے کہ آپ شاید زیادہ خود غرضانہ رجحان رکھتے ہیں اور ہر قیمت پر صرف اپنے ہی مفاد کو حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، بہترین بات یہ ہوگی کہ اس عرصے میں اعتدال سے کام لیں، جارحانہ انداز پر قابو پائیں اور اصول وقواعد کی پابندی کریں۔

آٹھواں گھر: راس جب آٹھویں گھر میں حرکت کرتا ہے تو زندگی کے تین اہم شعبے اہمیت اختیار کرتے ہیں، حصے داری کے وسائل، آپ کی جنسی زندگی اور مقصدیت کا شعور۔ سب سے پہلے آپ مال و متاع اور جائیداد میں جن لوگوں کے حصے دار ہیں، اُس میں اضافہ ہونے لگے گا یعنی اگر پراپرٹی ہے تو اس کی قیمت بڑھ جائے گی، اگر رشتے داروں، کاروباری پارٹنرز یا شریک حیات سے آپ کا کوئی تنازع چل رہا ہے تو آپ کامیاب و کامران رہیں گے، فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا، آپ کی زندگی میں کوئی ایسا جنسی تعلق پیدا ہوسکتا ہے جو آپ کو دیوانہ کردے، دوسرے معنوں میں راس کی یہ پوزیشن جنسی بھوک میں اضافہ کردیتی ہے، عام طور پر بعض لوگ راس کی ایسی ہی پوزیشن میں دوسری شادی کرتے یا کسی ناجائز تعلق میں مبتلا ہوتے ہیں اور یہ کشش بہت دیر تک شدت اختیار کیے رہتی ہے، تاوقتیکہ راس آٹھویں گھر سے نکل جائے، تیسری اہم بات یہ ہوگی کہ آپ اپنی زندگی کے بنیادی مقصد پر غور کریں گے اور اس کی طرف پوری طرح متوجہ ہوجائیں گے، آپ کو صحت کا بھی ایک نیا شعور حاصل ہوگا۔ اس ٹرانزٹ کا دوسرا برا پہلو یہ ہے کہ ذنب آپ کے زائچے کے دوسرے گھر میں ہوگا اور اس کا یہ مطلب ہوسکتا ہے کہ آپ کی مادہ پرستی کے شعور میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگا اور آپ اس بات کو کوئی اہمیت نہیں دیں گے کہ آپ کے عمل کا آگے چل کر کیا نتیجہ نکلے گا، آپ کو اور دوسروں کو اس کی کتنی بھاری قیمت ادا کرنا پڑے گی۔

نواں گھر: نویں گھر سے راہو کا گزرنا اعلیٰ تعلیم کے حصول میں مددگار ثابت ہوتا ہے، اگر آپ پہلے اس حوالے سے ناکام رہے ہیں تو اب وقت آگیا ہے کہ اپنی خواہش کی تکمیل کریں، کوئی اسکالرشپ یا گرانٹ آپ کو آسانی سے مل جائے گی، آپ بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے جاسکیں گے، آپ کی زندگی میں روحانی معاملات اہمیت اختیار کرجائیں گے، بعض افراد راہو کی اس پوزیشن کے سبب روحانیت کے شوق میں پیری مریدی کی جانب متوجہ ہوتے ہیں، وہ کسی سلسلے میں بیعت ہوجاتے ہیں، بعض تنہائی پسندی یا گوشہ نشینی اختیار کرتے ہیں، اگر آپ کسی قانونی مسئلے میں طویل عرصے سے الجھے رہے ہیں تو یہ مسئلہ حل ہوجائے گا اور فیصلہ آپ کے حق میں ہوگا۔ ذنب آپ کے تیسرے گھر سے گزر رہا ہے لہٰذا ممکن ہے کہ آپ کو کسی قریبی رشتے دار، بہن بھائی یا کسی بچے کی طرف سے کچھ پریشانی ہو جو آپ کا زیادہ وقت لے لے، پڑوسیوں کی طرف سے آپ کے سکون میں خلل پڑسکتا ہے، وہ آپ کے لیے مسائل پیدا کرسکتے ہیں اور آپ کو ان مسائل پر وقت برباد کرنا پڑے گا، اگرچہ یہ معمولی نوعیت کے ہوں گے، ذنب کی تیسرے گھر میں موجودگی آپ کو کسی ایڈونچر یا کسی نئے پروگرام کی طرف متوجہ کرسکتی ہے مگر ایسے ایڈونچر یا پروگرام کا نتیجہ کبھی کبھی نقصان دہ بھی ہوسکتا ہے۔

دسواں گھر: راس کا اس گھر سے گزرنا آپ کے کریئر اور پیشہ ورانہ اہداف کے لیے فائدے مند ہوگا، درحقیقت آپ پس و پیش کی کیفیت سے نکل آئیں گے اور یہ جان لیں گے کہ آپ کا کریئر صحیح معنوں میں کیا ہونا چاہیے اور اب آپ کو کیا کرنا چاہیے، آپ اس حوالے سے جدوجہد کرنے کے قابل ہوجائیں گے، یہ بڑی کامیابیوں کا وقت ہے اور آپ کو ایسی کامیابی حاصل ہوسکتی ہے جس کا آپ نے تصور بھی نہ کیا ہو، آپ جو مؤقف اختیار کریں گے، اسے پسندیدگی کی نظر سے دیکھا جائے گا اور آپ کو عوامی مقبولیت بھی حاصل ہوگی۔ ذنب آپ کے چوتھے گھر کے ڈیڑھ سالہ سفر کے دوران میں آپ کو کئی بار رک کر سوچنے کا موقع دے گا، آپ اس وقت جو کچھ ہیں، کیا والدین کے دباؤ کی وجہ سے ہیں؟ یا اپنی فیملی کی غیر حقیقت پسندانہ توقعات اور ان کے رویے کی وجہ سے؟ ممکن ہے آپ اپنے کریئر کے لیے جو راستہ اختیار کریں، آپ کے والدین یا اہل خانہ اسے پسند نہ کریں اور آپ کو انہیں مطمئن کرنا مشکل ہوجائے، بعض لوگ اس صورت حال میں باغیانہ رویہ اپناتے ہیں اور بعض اہل خانہ کے دباؤ میں آکر ایک شاندار کیریئر کو چھوڑ دیتے ہیں۔

(بقیہ صفحہ نمبر 17 پر)

مکمل سورج گرہن اور مارچ اپریل کی ہنگامہ خیزیاں

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

مشتری کی متاثرہ پوزیشن اور مارچ کا سورج گہن

آئینی و قانونی معاملات میں بھی ابہام اور پیچیدگیاں۔ عوام کو سبز باغ دکھائے جائیں۔ حکومت وفاقی ہو یا صوبائی، ایسی غلطیاں کر سکتی ہے جن کے نتائج آنے والے مہینوں میں پریشان کن ہو سکتے ہیں، مارچ میں حکومت کی ساکھ بری طرح متاثر ہو سکتی ہے۔ مارچ اپریل خاصے ہنگامہ خیز مہینے۔

زائچہ نیومون سورج گرہن 15 حوت 28 بحساب ویدک

بتاریخ 9 مارچ 2016ء، بوقت 6 بجکر 54 منٹ، بمقام اسلام آباد

نیومون مارچ

مارچ کا نیومون سورج گہن ہوگا، یہ گہن یونانی سسٹم کے مطابق 9 مارچ کو پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق 06:54 am پر برج حوت کے 28 درجے پر اور ویدک سسٹم کے مطابق برج حوت کے 04 درجے پر لگے گا، یہ گہن مکمل اور طویل ہوگا، اس وقت اسلام آباد کے اُفق پر برج حوت کے ابتدائی درجات طلوع ہوں گے، اس طرح ویدک سسٹم کے مطابق یہ گہن زائچے کے بارھویں گھر میں ہوگا جہاں عطارد اور زہرہ اور نیپچون بھی موجود ہوں گے، اس کے مقابل چھٹے گھر میں مشتری اور راہو قران کر رہے ہوں گے، جب کہ زحل و مریخ نویں گھر میں ہوں گے۔

فروری کے بعد مارچ کا نیومون چارٹ بھی نت نئے مسائل کی نشان دہی کر رہا ہے، دونوں چارٹ ظاہر کر رہے ہیں اس کے اثرات اپریل میں بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ داخلی اور خارجی امور میں مذاکراتی سطح پر جو کوششیں ہوں گی، ان کے اطمینان بخش نتائج حاصل نہیں ہوسکیں گے، یہ الگ بات ہے کہ عوام کو سبز باغ دکھائے جائیں کیوں کہ راہو کی پوزیشن فریب دینے والی ہے اور کیتو طاقت کے استعمال کے لیے ابھارتا ہے، اگر فروری مارچ میں شدت پسندانہ رجحانات فروغ پائیں اور دہشت گردی کی کارروائیاں بڑھ جائیں تو حیرت نہیں ہونی چاہیے، اپوزیشن کا احتجاج بڑھے گا اور حکومت سے محاذ آرائی میں اضافہ ہوگا، فروری کے مقابلے میں مارچ کا مہینہ حکومت کے لیے زیادہ مشکل اور صبر آزما ثابت ہوسکتا ہے، اس مہینے میں بچوں سے متعلق حادثات و سانحات کا اندیشہ بھی نظر انداز نہیں کیا جاسکتا، ایسی وبائی بیماریاں پھیل سکتی ہیں جو بچوں کے لیے خطرناک ثابت ہوں۔

ہر دو زائچوں کے ثمرات میں قدر مشترک یہ ہے کہ حکومت وفاقی ہو یا صوبائی، ایسی غلطیاں کر سکتی ہے، جن کے نتائج آنے والے مہینوں میں پریشان کن ہو سکتے ہیں، مارچ میں حکومت کی ساکھ بری طرح متاثر ہو سکتی ہے، اگرچہ ہمارے ملک میں اب بڑے بڑے اسکینڈلز سامنے آنا کوئی نئی بات نہیں رہی ہے، لوگ اسے معمول کی بات سمجھنے لگے ہیں کیوں کہ تقریباً ہر مہینے سیاسی اشرافیہ یا بیوروکریسی سے متعلق کوئی نہ کوئی بدعنوانی، کرپشن وغیرہ کا معاملہ سامنے آتا رہتا ہے لیکن فروری سے ایسا وقت شروع ہو جائے گا جس میں مزید بڑے بڑے اسکینڈلز سامنے آئیں گے اور شوبزنس کی دنیا سے متعلق افراد کے صاحب حیثیت افراد سے رابطے اور تعلق کی داستانیں منظر عام پر آئیں گی، قصہ مختصر یہ کہ فروری مارچ اپریل خاصے ہنگامہ خیز مہینے ثابت ہوں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

پاکستان 1951ء تا 2016ء گرہنوں کے آئینہ میں

مارچ 2016ء کے سورج اور چاند گرہن

از تحریر: سید محمد علی زنجانی

سورج گرہن (Solar Eclipse): مکمل سورج گرہن برج حوت کے 18 درجہ 56 دقیقہ پر لگے گا۔ گرہن کی ابتداء 9 مارچ 5 بجکر 10 منٹ، مکمل گرہن 6 بجکر 56 منٹ، خاتمہ گرہن 7 بجکر 45 منٹ پر ہوگا۔ مکمل طویل مدت کا گرہن 4 منٹ 9 سیکنڈ رہے گا۔ زیر اثر علاقوں میں مکمل اندھیرا چھا جائے گا۔ تب پاکستان میں علی الصبح کا وقت ہونے کے سبب یہ جغرافیائی طور سے آسٹریلیا، مشرقی ایشیا، پیسفک کے علاقوں میں دکھائی دینے کے ساتھ مکمل گرہن خصوصاً سماٹرا، برونائی، سلاویلیا، پیسفک میں دکھائی دے گا، جہاں مکمل اندھیرا چھا جائے گا۔

گرہن ہمیشہ بڑے بڑے کاموں کی خبر دیتے ہیں۔ تمام گرہن کسی کام کا اختتام یا کسی کام کا آغاز کرتے ہیں۔ 9 مارچ 2016ء کو برج حوت قریب قریب درجوں پر لگا تو کیا تبدیلیاں متوقع رونما ہو سکتی ہیں۔ سورج گرہن سے پاکستان میں کون سی اہم تبدیلی رونما ہوں گی، اس کے لیے ہم ماضی میں نظر ڈالتے ہیں، جب جب برج حوت میں سورج گرہن 18 درجہ 56 دقیقہ پر لگے تو کون کون سے اہم واقعات رونما ہوئے اور اب بھی ملتے جلتے واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔

(1) 7 مارچ 1951ء میں سورج گرہن برج حوت میں 16 درجہ 28 دقیقہ 15 بجکر 51 منٹ پر لگا۔

1951ء میں پاکستان میں ہونے والے اہم واقعات: (الف) جنرل ایوب خان پاکستانی فوج کے پہلے چیف آف آرمی اسٹاف بنے اور برطانوی چیف کا خاتمہ ہوا۔ (17 جنوری)۔ (ب) پاکستانی شہریت کا قانون قابل عمل میں آیا۔ جس کے تحت پاکستانی شہریت رکھی یا چھوڑی جا سکتی تھی۔ (13 اپریل)۔ (ج) پاکستان کی پہلی منتخب حکومت کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان کے خلاف راولپنڈی کانسپرنسی کیس۔ (23 فروری)۔ (د) یونائیٹڈ نیشن خوراک اور زراعت کا پاکستان کے ساتھ پہلا معاہدہ۔ (ہ) فاطمہ جناح کی تقریر ریڈیو پاکستان سے بند کروا دی گئی، جب انہوں نے قائد اعظم کی دوسری برسی پر حکومت کے خلاف کی (11 ستمبر)۔ اور یہی تقریر 24 ستمبر کو عوام کے دباؤ پر دوبارہ چلوائی گئی۔ (و) ریاضی دان پروفیسر محمد انور کی مدد سے پاکستان کے معیاری وقت کا آغاز ہوا۔ اس سے پہلے پاکستان اور انڈیا کا معیاری وقت اکٹھا تھا۔ (یکم اکتوبر)۔ (ز) وزیر اعظم لیاقت علی خان کا قتل۔ (16 اکتوبر)

(2) 2 مارچ 1961ء میں سورج گرہن برج حوت میں 11 درجہ 45 دقیقہ 8 بجکر 35 منٹ پر لگا۔

1961ء میں پاکستان میں ہونے والے اہم واقعات: (الف) پاکستانی صدر جنرل ایوب خان کا دورہ امریکہ۔ (ب) پاکستانی خلائی ایجنسی (سپارکو) کا قیام۔ (ج) مسلم فیملی لاء کا قیام۔ (د) ملکہ برطانیہ کا پہلا دورہ پاکستان

(3) 7 مارچ 1970ء کو سورج گرہن برج حوت میں 16 درجہ 44 دقیقہ 12 بجکر 42 منٹ پر لگا۔

1970ء کے اہم واقعات: (الف) پاکستان میں پہلی بار عام عوامی الیکشن (7 دسمبر)۔ (ب) پی آئی اے فلائٹ نمبر 27 اسلام آباد کو حادثہ 30 لوگوں کی ہلاکت (5 اگست)

(4) 26 فروری 1971ء کو سورج گرہن برج حوت میں 7 درجہ 30 دقیقہ 11 بجکر 45 منٹ پر لگا۔

1979ء کے اہم واقعات: (الف) ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی دے دی گئی۔(4 اپریل)۔(ب) عبدالسلام کو نوبل انعام ملا۔(10 دسمبر)

(5) 7 مارچ 1989ء کو برج حوت میں سورج گرہن 17 درجہ 09 دقیقہ 13 بجکر 19 منٹ پر لگا۔

1989ء کے اہم واقعات: (الف) پاکستان کے "حاف 1" اور "حاف 2" میزائل کے کامیاب تجربہ۔(ب) پاکستان کی پہلی سائنس فکشن فلم "شانی" کی ریلیز

(6) 26 فروری 1998ء سورج گرہن 7 درجہ 55 دقیقہ پر برج حوت میں 12 بجکر 26 منٹ پر لگا۔

1998ء کے اہم واقعات: (الف) 28 مئی ایٹمی دھماکہ۔ پاکستان ایٹمی طاقت بنا۔

(7) 18 مارچ 2007ء سورج گرہن برج حوت میں 28 درجہ 07 دقیقہ 21 بجکر 42 منٹ پر لگا۔

2007ء کے اہم واقعات: (الف) مارچ میں چیف جسٹس افتخار چوہدری کو صدر پرویز مشرف نے برطرف کر کے جسٹس جاوید اقبال کو چیف جسٹس آف پاکستان بنادیا۔(ب) چیف جسٹس کی کراچی آمد پر خانہ جنگی، 100 سے زائد لوگوں کی ہلاکت۔(ج) 200 سے زائد لوگوں کی ہلاکتیں کراچی میں طوفانی بارشوں کی وجہ سے۔(د) لال مسجد واقعہ کا آغاز۔(ہ) پاکستان 60 سال کا ہوا۔(و) نواز شریف کی پاکستان آمد اور سعودیہ روانگی۔(ز) پاکستان میں خودکش دھماکوں میں اضافہ۔(ح) پرویز مشرف شدید مخالفت کے باوجود دوبارہ صدر پاکستان منتخب۔(ط) بے نظیر بھٹو کی 8 سال بعد وطن واپسی۔(ی) کراچی دھماکہ میں 124 لوگوں کی ہلاکت۔(ک) پاکستان میں پرویز مشرف نے ایمرجنسی لگادی۔(ل) چیف جسٹس افتخار چوہدری کی نظر بندی۔(م) سال کے اختتام پر بے نظیر بھٹو کی ہلاکت۔

ماضی میں لگنے والے برج حوت میں گرہنوں اور واقعات کو اگر دیکھا جائے تو پاکستان کے زائچہ میں گرہن 12 ویں گھر میں لگ رہا ہے جس کا تعلق قید و بند اور تنہائی اور حاسدین سے ہے۔ جیسا کہ شروع میں بتایا کہ گرہن کچھ چیزوں کا اختتام اور کچھ چیزوں کا آغاز کرتے ہیں۔ 9 مارچ کو پاکستان ایک ایسے دور میں داخل ہوگا جس میں یہ تنہا اہم حیثیت حاصل کرے گا اور پاکستان کے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔

9 مارچ 2016ء کا سورج گرہن اور 23 مارچ کا چاند گرہن پاکستان نئی کامیابیوں کا آغاز کرے گا۔ **کسی اہم سیاسی شخصیت کی ہلاکت بھی ہو سکتی ہے اور ملک میں انتشار پھیلایا جا سکتا ہے۔ جس کے اثرات جون، جولائی یا اگست 2016ء تک واضح ہوں گے۔ وزیر اعظم لیاقت علی خان کی طرح موجودہ وزیر اعظم کو بھی قانونی مشکلات پیش آسکتی ہیں۔**

چاند گرہن 2016ء: برج میزان کے 3 درجہ 17 دقیقہ پر لگے گا۔ اس کی ابتداء 23 مارچ 14 بجکر 48 منٹ، مکمل گرہن 17 بجکر صفر منٹ، خاتمہ گرہن 18 بجکر 6 منٹ پر ہوگا۔ یہ گرہن آسٹریلیا، ایشیائی ممالک، بحرالکاہل، مغربی امریکہ میں دکھائی دے گا۔

(1) 6 اکتوبر 1949ء کو چاند گرہن برج میزان میں 13 درجہ 30 دقیقہ 22 بجکر 53 منٹ پر لگا۔

1949ء کے اہم واقعات: (الف) یونائیٹڈ نیشن کی کشمیر میں جنگ بندی اور پاکستان یا انڈیا کسی ایک میں شامل ہونے کا اعلان۔(ب) کراچی معاہدہ پاکستان اور انڈیا کے درمیان جنگ بندی۔

(2) 3 اپریل 1958 میں چاند گرہن برج میزان میں 13 درجہ 53 دقیقہ 22 بجکر 45 منٹ پر لگا۔

1950ء کے اہم واقعات: (الف) وزیر اعظم نون کی اسمبلی میں دھواں دار تقریر اور امریکہ کو انڈیا کے ساتھ مل کر پاکستان میں سازش کرنے پر دھمکی۔(ب) پاکستان کو ٹوکیو ایشین گیمز میں 5 گولڈ میڈل ملے۔(ج) جنرل محمد ایوب خان کی بطور آرمی چیف توسیع۔(د) گوادر پاکستان کے حوالے کیا گیا، سلطنت عمان نے۔

(3) 25 ستمبر 1969ء کو چاند گرہن برج میزان میں 2 درجہ 35 دقیقہ 16 بجکر 21 منٹ پر لگا۔

1969ء کے اہم واقعات: (الف) جنرل ایوب خان نے استعفیٰ دے دیا اور جنرل یحییٰ خان نے اقتدار سنبھالا۔

(4) 24 مارچ 1978ء کو چاند گرہن برج میزان میں 3 درجہ 40 دقیقہ 11 بجکر 20 منٹ پر لگا۔

1978ء کے اہم واقعات: (الف) شاہراہِ قراقرم کی تکمیل

(5) 7 اکتوبر 1987ء کو چاند گرہن برج سنبلہ میں 23 درجہ 38 دقیقہ 22 بجکر 31 منٹ پر لگا۔

1987ء کے اہم واقعات: (الف) پاکستان کرکٹ کے ایمپائر رانا اور انگلینڈ ٹیم کے کپتان گیٹنگ کے درمیان تنازعہ عروج پر رہا۔

(6) 23 مارچ 1997ء کو چاند گرہن برج میزان میں 3 درجہ 36 دقیقہ 23 بجکر 45 منٹ پر لگا۔

1997ء کے اہم واقعات: (الف) جنرل الیکشن منعقد ہوئے۔(ب) پاکستان نے گولڈن جوبلی 14 اگست کو منائی۔(ج) لاہور سے اسلام آباد موٹر وے کا افتتاح۔(د) صدر فاروق لغاری مستعفیٰ ہوئے۔

ماضی کے واقعات کو مدنظر رکھیں تو پاکستان T20 کرکٹ ورلڈ کپ میں متنازعہ بیانات کا شکار ہوسکتا ہے یا شمولیت مشکوک سمجھی جاسکتی ہے۔ پاکستانی کرکٹ ٹیم کے لیے امتحانات کا سال۔ پاکستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل ہوسکے گی۔خصوصاً گلگت تا گوادر پاک چائنہ راہداری پر کام تیز ہوگا۔ پاکستان کے سابق نیول آرمی چیف ایوب خان کی طرح موجودہ **آرمی چیف جنرل راحیل کی توسیع ملازمت کے لیے عوامی اور سوشل میڈیا پر مہم۔**

بقیہ: آپ کی زندگی میں آنے والی تبدیلیاں

تاریخ: 15-03-2016
دن: منگل
شہر: مظفر آباد

1035-1039-2013-2018

10, 20, 47, 34, 51, 74, 78

8 1 / (7) / 4 9

103-510
201-516
476-864
478-789
746-748

4765-4789-5168-7465-7489

ہم ہیں دیوانے تیرے انعام کے

ازتحریر: میاں فاروق چشتی، کراچی

بانڈ مالیت: 40000　شہر: کوئٹہ　دن: منگل

صفحہ طاق میں	تعلق آکڑہ	صفحہ جفت میں
1 - 5 - 9	6 - 7 - 8 - 9	6 - 4 - 0

کلوز: 0-5-1-6-2-7　تعلق خاص: 3-4-5

نوٹ: 0-1-2-3-4 آپس میں مل کر آکڑہ نہیں بنے گا۔ بات ہے نصیب کی۔ سنٹر جفت میں لگے گا

فرسٹ گنگا: 8-9-11　بیک گنگا: 9-10-12

صفحہ آپ کا آکڑہ چشتی کا فرسٹ سیکنڈ لازمی موج کرو۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
03	13	23	30	40	50	63	73	83	93
04	14	24	31	41	51	64	74	84	94
05	15	25	35	45	55	65	75	85	95
02	12		36	46	56			86	96
			32	47	52			81	90
			37	42	57			80	

بانڈ مالیت: 200　شہر: مظفرآباد　دن: منگل

صفحہ طاق میں	تعلق آکڑہ	صفحہ جفت میں
1 - 5 - 7	1 - 0 - 6 - 8	0 - 2 - 6

کلوز: 0-5-1-6-2-7　بانڈ ٹو بانڈ تعلق: 1-0-2-7

نوٹ: 7500 کے بروکر فگر سے 200 کا پہلا ڈرا میں لنک ضرور لگے گا۔ سنٹر جفت میں لگے گا۔ 3-8-4-9 آپس میں مل کر آکڑہ نہیں بنے گا۔

فرسٹ گنگا: 10-11-12　بیک گنگا: 9-10-12

صفحہ آپ کا آکڑہ چشتی کا فرسٹ سیکنڈ لازمی موج کرو۔

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
00	10	20	30	40	50	60	70	80	90
05	15	21	31	41	51	65	75	85	95
06	16	26	32	45	56	61	71	81	91
01	12	25	36	46	52	62	76	86	96
02	17	27	37	42	57	67	72	87	97
			35						92

چشتی کے سالانہ کمیٹی آکڑے 2016ء کے لیے

دوستو! میں یہ کمیٹی آکڑے لکھ رہا ہوں، لازمی لگے گا۔ ہر سال کی طرح بات ہے نصیب کی۔ بناؤ موج کرو، پورا سال۔ 997321 ان میں سے آکڑے چلیں گے۔

68 - 31 - 13 - 81 - 18 - 34 - 86 - 20 - 42 - 24 - 02 - 59
96 - 24 - 77 - 58 - 63 - 36 - 62 - 26 - 95 - 93 - 39 - 86

دوستو آداب! پہلے تو میں شہزادہ سید مصور علی زنجانی صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا اور آپ کی خدمت کے لیے مامور کیا۔ دوستو! میں 01-03-2016 کوئٹہ بانڈ -/40000 اور مظفرآباد 15-03-2016 بانڈ -/200 آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور مجھے کامیابی عطا فرمائے اور سید مصور علی زنجانی اور سید انتظار حسین شاہ زنجانی کو لمبی عمر عطا فرمائے اور ان کے علم میں اضافہ فرمائے۔ آمین

تاریخ: 01-03-2016
دن: منگل
شہر: کوئٹہ
بانڈ: -/40000

439180	
39	40
18	91

تاریخ: 15-03-2016
دن: منگل
شہر: مظفرآباد
بانڈ: -/200

127846	
64	27
78	84

نام کا پہلا حرف

آپ کی شخصیت پر اثر انداز ہوتا ہے

از تحریر: سید محمد علی زنجانی

انگریزی حروف تہجی کے اعتبار سے اپنے نام کے پہلے حرف سے اپنی شخصیت کا جائزہ لیں۔ شیکسپیئر نے کہا تھا نام میں کیا ہے لیکن نام دراصل انسان کی زندگی میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور اس کی شخصیت اور انفرادیت کا عکاس ہوتا ہے۔ اسی لیے لوگ بہت سوچ بچار کے بعد اپنے بچوں کے نام تجویز کرتے ہیں اور پھر اس نام کے مطابق شخصیت میں صلاحیتیں اور قابلیت تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں لیکن بہت سے لوگوں کے نزدیک نام کا پہلا لفظ بہت اہمیت رکھتا ہے۔ اسی حوالے سے ایک دلچسپ تحقیق آپ کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔

A: لوگوں کے ناموں کی بڑی تعداد "A" سے شروع ہوتی ہیں اور ماہرین کے تجزیئے کے مطابق ایسے افراد بہت پراعتماد، قائدانہ صلاحیتوں کے مالک اور ہر لمحے ایڈونیچر کی تلاش میں رہتے ہیں جبکہ اس حرف کے نام والے افراد آزاد زندگی گزارنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

B: جن لوگوں کے نام "B" سے شروع ہوتے ہیں وہ عام طور پر جذباتی، مہربان، تحائف لینے میں خوش اور اپنے پیاروں سے بے انتہا محبت کرتے ہیں جبکہ ایسے لوگ اپنے جیون ساتھی سے بہت محبت کرتے ہیں اور ان سے بھی ایسی ہی محبت کا تقاضا کرتے ہیں۔

C: یہ حرف باصلاحیت، وراسٹائل اور انفرادی صلاحیتوں سے بھرپور لوگوں کی علامت ہے جبکہ ایسے لوگ سادہ اور اپنی دولت کے بارے میں بہت محتاط ہوتے ہیں۔ عام طور پر یہ لوگ اپنے جیون ساتھی سے بہت محبت کرتے ہیں اور سماجی زندگی کو پسند کرنے والے ہوتے ہیں۔

D: اس حرف سے شروع ہونے والے نام کے لوگوں میں کچھ کر گزرنے کا جذبہ، کاروباری صلاحیت اور حکمانہ طرز زندگی کا عنصر واضح ہوتا ہے۔ یہ لوگ قابل اعتماد، صفائی پسند اور دوسروں کے کام آنے والے ہوتے ہیں جبکہ اپنی کامیابی کے لیے نہ صرف ہر حد سے گزرتے ہیں بلکہ منزل کے حصول تک خوش نہیں ہوتے۔

E: اس حرف سے شروع ہونے والے نام کے لوگ دوسروں کو قائل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اور وہ شرافت اور آزادی سے محبت کرتے ہیں جبکہ یہ لوگ پرکشش شخصیت اور دوسروں کو دوست بنانے کی صلاحیت تو رکھتے ہیں تاہم قابل اعتماد دوست ثابت نہیں ہوتے۔

F: جن لوگوں کا نام "F" سے شروع ہوتا ہے وہ اچھے منصوبہ ساز اور وفادار ہونے کے ساتھ ساتھ لوگوں کو اپنے گرد اکٹھا کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں تاہم ایسے لوگ ہر معاملے میں حد سے زیادہ مثبت رویہ رکھتے ہیں۔

G: ایسے نام والے لوگ بامقصد زندگی گزارنے پر یقین رکھتے ہیں اسی لیے تعلیم اور مذہب سے لگاؤ، کتابیں پڑھنا اور سفر کرنا انہیں بہت پسند ہے جبکہ ایسے لوگ ایک خاص سمت پر زندگی گزارنا پسند کرتے ہیں اور لوگوں کی نصیحت اور مداخلت کو پسند نہیں کرتے۔

H: اس حرف سے شروع ہونے والے نام کے لوگ قدرتی طور پر دولت بنانے کی صلاحیت رکھنے کے ساتھ ساتھ بہت تخلیقی صلاحیتیں رکھتے ہیں جبکہ یہ لوگ خود اعتماد اور لوگوں پر حکم چلانے کی کوشش کرتے ہیں۔

I: ایسے لوگ اپنے ہر حق کے لیے ڈٹ جاتے ہیں جبکہ یہ انتہائی نفیس اور باوقار طرز زندگی پر یقین رکھتے ہیں، اس کے علاوہ ایسے لوگ فیشن اور دیگر تخلیقی شعبوں میں شاندار کیریئر کے مالک ہوتے ہیں۔

J: یہ حرف بے رحم جذبوں کا عکاس ہے اور ایسے لوگ اپنی خواہش کے حصول کے لیے کسی کو خاطر میں نہیں لاتے جبکہ ایسے لوگ ایسے جیون ساتھی کے

متلاشی ہوتے ہیں جو ان کے برابر یا برتر صلاحیتوں کا مالک ہوں۔

K: ایسے لوگ شرمیلے اور رازوں کے امین ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی جذباتی ہوتے ہیں جبکہ یہ لوگ زندگی کو با مقصد بنانا چاہتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس طرح کے لوگ اپنی ذات پر یقین اور معاملات کو اپنے ہاتھ میں رکھنے کے عادی ہوتے ہیں اور اپنے پیاروں کے ساتھ انتہائی جذباتی لگاؤ رکھتے ہیں۔

L: اس حرف سے شروع ہونے والے نام کے لوگ توانائی سے بھرپور اور کرشماتی شخصیت کے مالک ہوتے ہیں تاہم یہ لوگ اکثر اپنی وفاداری تبدیل کرتے ہیں اور کسی ایک سے محبت گہری محبت نہیں کرتے لیکن تابناک مستقبل کے مالک ہوتے ہیں۔

M: اگر آپ کا نام اس حرف سے شروع ہوتا ہے تو آپ ذہین، جرات مند اور سخت محنت کے عادی ہیں آپ ایک اچھے ساتھی اور ناصح ثابت ہوتے ہیں۔

N: اس طرح کے لوگوں میں لکھنے اور آرٹ کی بہترین صلاحیتیں ہوتی ہیں، یہ مطالعہ کرنے والے ہوتے ہیں اور بے قرار بھی رہتے ہیں، اس لیے بیشتر لوگ ایسے لوگوں سے دور رہتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ ایسے لوگ پرفیکٹ کی تلاش میں رہتے ہیں اور اپنے جیون ساتھی پر کڑی تنقید کرتے ہیں۔

O: ایسے لوگ تعلیم اور ذہانت کو ہر چیز پر ترجیح دیتے ہیں، اس لیے یہ ایک اچھے استاد اور لکھاری ہوتے ہیں، یہ لوگ حسن اخلاق کے مالک اور حق کے لیے ڈٹ جانے والے ہوتے ہیں اور یہی خوبیاں اپنے ساتھی میں بھی تلاش کرتے ہیں۔

P: یہ لوگ روشن سوچ اور تخلیقی صلاحیتوں کے ساتھ دیگر صلاحیتوں کے بھی مالک ہوتے ہیں، یہ لوگ باتونی ہونے کی وجہ سے مزاحیہ حس بھی رکھتے ہیں اور ہمیشہ ایک اچھے چہرے والے ساتھی کے متلاشی رہتے ہیں۔

Q: ایسے لوگ اچھے مصنف اور خطیب ہوتے ہیں، کچھ ڈرامہ نویس، جادوگر اور اداکار ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ لوگ منفرد شخصیت کے مالک ہوتے ہیں اور رسم زمانہ کو نقل نہیں کرتے بلکہ اپنے منفرد انداز اختیار کرتے ہیں۔

R: ایسے لوگ وفادار، ہمدرد اور محبت کرنے والے انسان ہوتے ہیں اور اچھی بات یہ ہے کہ وہ چیلنجز کا سامنا کرنے سے نہیں گھبراتے، پرامن زندگی گزارنے کے ساتھ ساتھ ذہین ساتھی کو بھی اپناتے ہیں۔

S: یہ حرف جنسی کشش اور کرشماتی صلاحیتوں کی علامت ہے، اسی لیے یہ لوگ گلیمر اور لوگوں کے لیے پرکشش بننے کو پسند کرتے ہیں، یہ مشکل کام اور آئیڈیاز شروع کرتے ہیں جن کی کامیابی کے لیے سخت محنت درکار ہوتی ہے تاہم ایسے لوگ مخلص اور خوابوں کی دنیا میں رہنے والے لوگوں میں سے ہیں، خود کبھی کسی کی محبت میں گرفتار نہیں ہوتے اور دوسروں کو تڑپا کر رکھتے ہیں۔

T: ایسے لوگ خود کو اتنا مصروف رکھتے ہیں کہ معاشرتی تعلقات قائم نہیں رکھ سکتے اسی لیے یہ لوگ اپنے مستقبل پر توجہ رکھتے ہیں اور اگر کوئی کام توقع کے مطابق نہ ہو تو اپ سیٹ ہو جاتے ہیں تاہم زندگی میں ترقی کی جانب گامزن رہتے ہیں۔

U: یہ لوگ بہترین انفرادی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ عظیم آرٹسٹ اور مصنف ہوتے ہیں تاہم ایسے لوگ غیر معمولی طور پر بے ترتیبی اور اپنی بوکھلاہٹ کی وجہ سے مشہور ہوتے ہیں اسی لیے دوسروں کے ساتھ ان کا گزارا کافی مشکل ہوتا ہے۔

V: ایسے لوگ محنتی اور عملی باتوں پر یقین رکھتے ہیں، یہ وفادار، محبت کرنے والے اور انتہائی نرم دل کے مالک ہوتے ہیں، ایسے لوگ زندگی میں اپنی بے پناہ صلاحیتوں کی وجہ سے بہت کچھ حاصل کر لیتے ہیں تاہم جس سے محبت کرتے ہیں اس پر حاوی رہنا چاہتے ہیں۔

W: اگر آپ کا نام اس حرف سے شروع ہوتا ہے تو آپ کرشماتی شخصیت کے حامل، فیشن ایبل، ہمدرد اور انتہائی محبت کرنے والے ہیں، آپ لوگوں کے راز کو سینے سے لگا کر رکھتے ہیں اس لیے انتہائی قابل اعتماد ہیں۔

X: ایسے لوگ پرسکون قیادت کرنے والے اور کسی ایک مقصد پر رکنے والے نہیں ہوتے بلکہ زندگی میں آسائش اور خوشی کے متلاشی رہتے ہیں، مخالف جنس سے فلرٹ کرنے کے ماہر ہوتے ہیں۔

Y: یہ حرف آزادی اور خود پر اعتماد کی علامت ہے، ایسے لوگ کاروبار میں خطرات سے نہیں گھبراتے اور ترقی پسند ہوتے ہیں۔ اسی لیے دوسروں کی شخصیت سے متاثر ہو جاتے ہیں۔

Z: ایسے لوگ عام لوگوں میں رہنا پسند نہیں کرتے اور اگر لوگوں کے درمیان آ جائیں تو فوری انہیں تحفظ درکار ہوتا ہے تاہم ایسے لوگ بہترین مشیر ہوتے ہیں کیونکہ یہ دوسرے لوگوں کی شخصیت کو اچھی طرح جان لیتے ہیں۔

آپ شناسی

والسماء ذات البروج

برج حوت آپ اور آپ کی شخصیت

از تحریر: سید انور فراز، کراچی

حاکم سیارہ: نیپ چون　　نشان: دو مچھلیاں

ذاتی عقیدہ: مجھے یقین ہے (I Believe)　　عنصر: پانی

خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)　　نفسیاتی ٹائپ: احساس

منسوب رنگ: سمندری نیلا　　اعضائے جسمانی: پاؤں

منسوب پتھر: ایے تھیسٹ　　منسوب پھول: آبی کنول

منسوب درخت: بید　　منسوب غذا: سلاد کے پتے

منفی اور مؤنث برج　　بائیو کیمک سالٹ: فیرم فاس

مثبت توانائی

شمسی برج حوت والے عام طور سے صوفی منش، سحر انگیز، محبت کرنے والے، جاں نثار، ادب کرنے والے، تخلیقی، بے تکلف، حساس، حلیم، شفیق، فرماں بردار، بے لوث، ایثار پیشہ ہوتے ہیں اپنے احساس کی کیفیات ان پر غالب رہتی ہیں اس اعتبار سے یہ لوگ مادی دنیا سے زیادہ روحانی دنیا کے لوگ معلوم ہوتے ہیں کھوئے کھوئے سے خواب دیکھتے ہوئے۔

منفی توانائی

دوسری طرف وہ فرار پسندی کا شکار، غیر واضح اور مبہم، کمزور ارادے کے مالک، ہمیشہ تعریف سننے کے خواہش مند، آسانی سے مان جانے والے، ضرورت مند، کاہل، ساز باز کرنے والے، الجھن میں مبتلا، پریشان، غیر ذمہ دار، دو غلے، غیر واضح تلفظ والے، بے ہدف اور فیصلہ نہ کرنے والے ہوتے ہیں۔

پسند

حوت افراد رومانس، ضرورت اور تعریف محسوس کرنا، استحکام، صوفیانہ تزئین، مسحور کن کیفیات، خواب دیکھنے پر حوصلہ افزائی، خواب اور خیالات کا تبادلہ، کام کی قدر کیا جانا اور مثالی ہونا پسند کرتے ہیں۔

ناپسند

وہ غیر محفوظ محسوس کرنا، تنہائی یا یہ محسوس کرنا کہ کوئی ان سے محبت نہیں کرتا، نظر انداز کیا جانا، گستاخ رویہ، شور و غل کے مناظر یا ماحول، بے خواب ہونا، ڈھانچے کا کوئی شعور نہ ہونا پسند نہیں کرتے۔

حوت کردار

"آپ کسی پرانے موسیقار کو نئی دھن نہیں سکھا سکتے"

جیک کیروک (ادیب)۔ شمسی برج حوت،

پیدائش 12 مارچ 1922

ہم پورے منطقۃ البروج کا چکر لگا کر آگئے ہیں جس کی ابتدا برج حمل سے ہوئی تھی ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ میزانی آپ سے وہ حقیقت بیان کریں گے جو آپ سننا چاہتے ہیں، عقرب آپ کو سچائی بتائیں گے کیوں کہ آپ سچائی سننا پسند کرتے ہیں قوس آپ کو بے پروائی سے حقیقت بتائیں گے جدی شعور اور فراست کے ماہر ہیں دلو کہتا ہے "میں حقیقت جانتا ہوں تو آپ سننا کیوں نہیں چاہیں گے؟

اور اب ہم برج حوت پر آگئے ہیں جو سچائی کو تلاش کرتے کرتے اس قدر تھک گئے ہیں کہ انہیں یہ شک ہو چکا ہے کہ سچائی کا کوئی وجود ہی نہیں ہے لہٰذا ہم حمل کی طرف لوٹتے ہیں جہاں اپنی توانائی کو پھر سے تازہ کرتے ہیں اور پھر سے چیزوں پر نظر ڈالتے ہیں اب یہ چکر نئے سرے سے شروع ہوتا ہے جب

تک دنیا قائم ہے' یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہے گا۔

برج حوت کے کردار کو سمجھنا مچھلی پکڑنے جتنا مشکل ہے' زندگی کے بارے میں ان کے رویے کو ایک سے زیادہ مرتبہ پانی جیسا رقیق اور پتلا بیان کیا گیا ہے اور کئی اعتبار سے یہ ان پر فٹ ہوتا ہے لیکن اس سے ٹھیک کام نہیں بنتا کیوں کہ یہ ان کے محرکات کو واضح نہیں کرتا (یا بظاہر ان میں اس کا فقدان ہوتا ہے)

لیکن بہر حال ان محرکات کے مسائل ان کے حکمران سیارے مشتری (مذہب اور فلسفہ کا سیارہ) اور نیپچون (صوفی ازم اور تصوراتی دنیا کا سیارہ) کے سبب ہو سکتے ہیں' اس امتزاج کے ساتھ آپ چاہیں بھی تو مشکل ہی سے زمین پر حقیقی دنیا میں وقت گزاریں گے' حقیقت شاید برج حوت والوں کے لیے سب سے زیادہ تلخ شے ہے۔

"سوچ کی دنیا میں لغویت اور کج روی کی حکمرانی ہوتی ہے اور ان کی حکمرانی میں صرف مختصر عرصے کے لیے تعطل پیدا ہوتا ہے۔"

آرتھر شاپنہور (فلسفی)شمسی برج حوت،
پیدائش: 22 فروری 1788

حوت افراد میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت نہیں ہوتی اور اگر وہ اپنے لیے کچھ حاصل کرنا چاہیں تو ان میں تحریک کا فقدان ہوتا ہے۔ ان کی بینائی بہت کمزور ہوتی ہے لیکن وہ اس کمزور بینائی کے ساتھ بہت عرصے تک گزارا کرتے رہتے ہیں اور آخر میں عینک خریدنے پر آمادہ ہوتے ہیں' یہ اپنے ساتھ کی جانے والی بہت بڑی زیادتی لگتی ہے' خاص طور سے جب وہ اس قسم کا عذر تراشیں "اس قسم کی چیز کے لئے پیسے ہی نہیں بچتے" یا "دن بھر کی تھکن کے بعد یہ کام انجام دینے کی سکت ہی نہیں رہتی" (اس بات میں زیادہ وزن ہے) اور حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنی طاقت اور ذرائع دوسرے لوگوں کے کام آنے کے لیے محفوظ رکھتے ہیں۔

اگر وہ کسی اور کے لیے کوئی کام انجام دے رہے ہوں تو ان میں بلا کی طاقت اور چستی ہوتی ہے۔ وہ کسی کی مدد کرنے کے لیے کسی بھی حد تک جا سکتے ہیں حتیٰ کہ ایک حوت ماں دوسروں کے بچے کو کھلانے کے لیے اپنے بچوں کے منہ کا نوالہ بھی لے جائے گی' ایسی کوئی قربانی نہیں جو ان کے نزدیک دی نہیں جا سکتی۔

اگر آپ کسی حوت ماں کے بچے ہیں تو یہ کوئی اچھی بات نہیں کہ اس نے آپ کو بھوکا چھوڑ دیا۔

حوت افراد کو دوست، فیملی اور دشمن میں تمیز نہیں ہوتی اور وہ ہر شخص کو اپنی مدد کے لائق سمجھتے ہیں۔ وہ صرف ایک انسان کو دیکھتے ہیں جسے مدد کی ضرورت ہے اور ان کا حساس دل غلط آدمی کی بھی پریشانی دور کر دیتا ہے تا کہ وہ خود کو اچھا محسوس کر سکیں۔ شاید وہ اس مقولے پر یقین رکھتے ہیں کہ کر بھلا تو ہو بھلا۔

حوت افراد خود کو اس بات کی کھلی اجازت دے دیتے ہیں کہ لوگ ان سے ناجائز فائدہ اٹھائیں۔ وہ جانتے ہیں کہ ان کے ساتھ یہ ہو رہا ہے لیکن وہ فیاضی کے صلے پر یقین رکھتے ہیں۔ وہ بظاہر سادہ لوح اور آسانی سے دھوکا کھا جانے والے لوگ لگتے ہیں لیکن یہ درست نہیں کیوں کہ حوت افراد کبھی بھی سادہ لوح نہیں ہوتے (اگرچہ وہ اپنے دفاع میں ایسا نظر آنا چاہتے ہیں)

حوت افراد مشکل ہی سے ان گہرائیوں پر حیران ہوں گے جن میں انسانیت غرق ہو سکتی ہے اور وہ ایک میل دور ہی سے بیشتر باتوں کو بھانپ لیتے ہیں لیکن ایک لمبی سانس لے کر خاموش ہو جاتے ہیں۔

ان میں محسوس کرنے کی بڑی گنجائش ہوتی ہے اور کبھی کبھی یہ گنجائش خاصی حاوی رہتی ہے۔ ان کے ساتھی آبی بروج سرطان اور عقرب اپنی حسیت کو سخت خول سے محفوظ رکھتے ہیں' بھلے وہ اندر سے رو رہے ہوں' حوت افراد کے پاس ایسا کوئی دفاع نہیں ہوتا' یہی وجہ ہے کہ بعض حوت افراد کو منشیات کے استعمال سے سکون ملتا ہے' وہ کسی ایسے چالباز کا بہ آسانی شکار ہو سکتے ہیں جو میلے کپڑے پہنے ہوئے ہو اور یہ دعویٰ کر رہا ہو وہ حضرت عیسیٰؑ کا سابق پریس سیکریٹری ہے۔

"اگر آپ مجھ سے پوچھیں کہ کیا کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ میں بد قسمتی سے اپنی روزانہ کی کاک ٹیل پینا بھول گیا ہوں' مجھے یہ کہنا پڑے گا کہ مجھے اس پر شک ہے کیوں کہ جہاں تک خاص چیزوں کا تعلق ہے ،میں اس کا پیشگی انتظام کر لیتا ہوں"

لوئس بیونیئل (فلم ڈائرکٹر) شمسی برج حوت، پیدائش: 22فروری 1900

حوت افراد کا ملکیت سے ایک عجیب تعلق ہے' انہیں عام طور سے اپنے اردگرد ڈھیر ساری چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے اور وہ پاگلوں کر طرح چیزیں جمع کرتے ہیں حالانکہ مادّہ پرستی کی ان علامتوں کو اکٹھا کر کے وہ بہت زیادہ احساس جرم میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور کرب سے گزرتے ہیں۔ شاپنگ انہیں تسکین پہنچاتی ہے لیکن انہیں اپنے لیے چند چیزیں خریدنے میں خود کو حق بجانب سمجھنے میں خاصی دشواری ہوتی ہے۔

حوت خواتین کو ترغیب ہوتی ہے اور وہ اس ترغیب کے ہاتھوں خاصی فضول خرچی پر اُتر آتی ہیں اور عمدہ ترین چیزیں خریدتی ہیں لیکن ساتھ ہی ناقابل یقین حد تک خود کو قصوروار سمجھتی ہیں یا پھر وہ ڈھیر ساری سستی چیزیں خرید لیتی ہیں اور خود کو یہ باور کراتی ہیں کہ انہوں نے وہ چیزیں بہت سستی خریدیں گویا پورا بازار ہی لوٹ لیا ہے اور یہ خوش کن احساس انہیں مسحور رکھتا ہے۔

یہ لوگ کئی اعتبار سے کفایت شعار ہوتے ہیں لیکن ان میں شاپنگ کرنے کا شعور نہیں ہوتا۔ یہ بے شعور خریدار ہوتے ہیں جو ڈھیر ساری الٹی سیدھی چیزیں خرید لیتے ہیں لیکن بیشتر حوت دوسرے لوگوں کے لیے خریداری کر کے اپنی پیاس بجھاتے ہیں۔ آپ جب بھی ان سے ملیں گے ان کے پاس آپ کے لیے خریدی ہوئی پیاری پیاری چیزیں ہوں گی۔ وہ اپنی گفتگو کا آغاز اس طرح کریں گی۔

"میں دوسرے دن بازار گئی تو مجھے کچھ ایسی چیزیں نظر آئیں کہ میں نے سوچا شاید تمہیں ان کی ضرورت ہو۔" اس طرح وہ عمدہ کوالٹی کی چیزیں خریدی گے لیکن کسی احساس جرم کے بغیر۔

پیشہ ورانہ سرگرمیاں

"دن میں خواب دیکھنا' کھانا کھانے جیسا ہے جس میں تصورات کھائے جاتے ہیں' ہم میں سے بعض لوگ خوش خور ہوتے ہیں اور بعض خوش خوراک اور بہت سے لوگ پکے پکائے تصورات ڈبے سے نکالتے ہیں اور بے دھیانی میں کوئی مزہ لیے بغیر پورا کا پورا نگل جاتے ہیں"

آڈن (شاعر) شمسی برج حوت'
پیدائش: 21فروری 1907ء

حوت افراد حیرت انگیز طور پر تصور پرست اور بے حد مرئی ہوتے ہیں' وہ اتنا واضح خواب دیکھتے ہیں کہ اپنے خیالات میں استعارے اور تشریحات سے ان کا خاکہ کھینچنا ان کے لیے بہت آسان ہو جاتا ہے لہٰذا وہ فلم سازی اور مصوری میں غیر معمولی طور پر کامیاب رہتے ہیں' ہمارے ایک دوست ڈراما ڈائریکٹر نے ہمیں بتایا جس کا شمسی برج حوت ہے کہ اس کے تصور میں پورا سیٹ ایک لمحے میں تیار ہو جاتا ہے اور اسے سیٹ لگانے کے لیے کبھی کچھ سوچنا نہیں پڑتا۔

لیکن دن میں خواب دیکھنے کے اپنے مسائل بھی ہیں' کبھی کسی حوت کو کام کرنے کے لیے کھڑکی کے قریب نہ بٹھائیں کیوں کہ ان کے دن میں خواب دیکھنے کی گنجائش کی کوئی انتہائی نہیں ہوتی' وہ غضب کے ڈھیلے اور تاخیر کرنے والے بھی ہوتے ہیں لیکن صرف اس صورت میں کہ جب غلط جاب میں پھنس کر رہ جائیں' خوش قسمتی سے عام طور سے ایسا نہیں ہوتا اور اس کے لیے انہیں اپنی ننھی سی مچھلی جیسی چکناہٹ کا شکر گزار ہونا چاہیے کہ وہ زیادہ عرصے تک کسی ایک مقام پر نہیں رک سکتی' مچھلی کی بے قرار حرکت سے حوت افراد کی اندرونی بے چینیوں کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

"ہمیں ذہانت کو اپنا دیوتا نہیں بنانا چاہیے' اس کے عضلات بے شک بہت طاقت ور ہیں لیکن کوئی شخصیت نہیں ہے"

البرٹ آئن اسٹائن (ماہر طبیعات)
شمسی برج حوت، پیدائش: 14مارچ 1879

اینی میشن اور ویب سائٹ خاص طور سے حوت افراد کے کرئر ہیں' انہیں ایسی تنہائی چاہیے جس میں تخلیق کاری اور تصوراتی دنیا کی سیر کرنے کی بہت زیادہ گنجائش ہو۔

حوت افراد اپنے ذہن میں کسی بھی شے کا تصوراتی خاکہ بنا سکتے ہیں اور اگر

ان کی ذہانت طاقتور ہوئی تو وہ اپنے آپ کو بہت ہی پیچیدہ مسئلے میں گھرا ہوا تصور کر سکتے ہیں۔

آئن اسٹائن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ کسی مسئلے پر غور کرنے کے لیے خود کو ایٹم کا ایک حصہ تصور کرتا تھا' وہ اپنی نیند کو بھی بہت اہمیت دیتا تھا' وہ کہتا تھا کہ اس کے لیے سونا بہت ضروری ہے اور ہر رات دس سے گیارہ گھنٹے سوتا تھا۔ موسیقار اور آرٹسٹ یا اور کوئی بھی جو لاشعور کی اقلیم کو شعور کی سطح پر لاتا ہے' بہت سے حوت اثرات کا حامل ہوتا ہے۔

حوت افراد عظیم اداکار بھی ہوتے ہیں' وہ کبھی کبھی بے حد شرمیلے ہوتے ہیں اور ان کے شرمیلے پن کو مدنظر رکھیں تو یہ بات بے محل لگتی ہے کہ حوت افراد کی شخصیت پانی جیسی ہوتی ہے جسے کسی بھی برتن میں ڈالا جائے وہ اسی کی شکل اختیار کر لیتا ہے' اسی طرح وہ خود کو ہر کردار میں ڈھال لیتے ہیں۔

حوت افراد میں دیکھ بھال کرنے اور ہمدردی کا اظہار کرنے کی بہت زیادہ گنجائش ہوتی ہے' یہی وجہ ہے کہ وہ بہت عمدہ نرس، ڈاکٹر، معلم اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے ہوتے ہیں۔ کونسلنگ اور سوشل ورک میں حوت افراد کی بھرمار ہے لیکن ان کے لیے اپنے عزیزوں سے فاصلہ رکھنے والے پیشے کو برقرار رکھنے میں دشواری ہو سکتی ہے۔

حوت صحت

دودھ اور اس سے بننے والی چیزیں شاذونادر ہی حوت افراد کو راس آتی ہیں جو افراد اپنے گردوں کے بہت زیادہ کام کرنے کی وجہ سے بہت زیادہ تھکن محسوس کرتے ہیں اور بہت زیادہ بلغم کا شکار رہتے ہیں انہیں دودھ اور اس سے بننے والی چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے۔

لیموں، چونے کا پانی اور سیب کا جوس ان کی یہ شکایت رفع کر سکتے ہیں' حوت افراد کے لیے مچھلی پروٹین حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے' ان کے لیے بہترین اناج جو، شی چاول اور گندم ہیں۔ بند گوبھی اور مار چوبہ نیز سبزیوں کا جوس بھی ان کے لیے بہت زیادہ فائدہ مند ہے۔ آلو اور شکر قند بھی بہت سود مند ہے۔ حوت افراد کو تازہ سلاد روزانہ کھانا چاہیے تاکہ ان کی آنتیں ٹھیک سے کام کر سکیں۔ حوت ایک لتی برج ہے لہٰذا حوت افراد کو نشہ آور چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیے' ان کی عادتیں اکثر پختہ جاتی ہیں جن سے جان چھڑانا بعد ازاں بہت مشکل ہو جاتا ہے۔

برج حوت پیروں اور انگوٹھوں پر حکومت کرتا ہے' نیز عام غدودوں پر بھی اس کے اثرات ہوتے ہیں۔

حوت کی مخصوص بیماریوں میں ناخالص خون کے مسائل، آنتوں کا کام نہ کرنا اور اس کی پیچیدگیاں، موٹاپا اور کینسر، شراب کی لت، پیروں اور ٹخنوں کی سوجن، پھوڑے، السر، بے خوابی اور نمونیا کا خطرہ شامل ہے۔ حوت افراد عام طور سے اپنی صحت کی طرف سے بے پروا ہوتے ہیں۔

حوت ساتھی

حوت عورتیں اندر سے پرانے فیشن کی ہوتی ہیں' بعض عورتیں بہ ظاہر ماڈرن بننے کی کوشش کرتی ہیں لیکن اگر آپ نے بھاگ کر ان کے لیے کار کا دروازہ کھولا تو وہ برف کے تودے میں تبدیل ہو جائیں گی۔ ان سے اس طرح سلوک کریں کہ جیسے وہ سب سے نازک اور سب سے بیش قیمت پھول ہیں جو آپ نے دیکھا ہے اور وہ وہیں آپ کے سامنے موم کی طرح پگھل جائے گی۔

پہلی ملاقات کو نارمل رکھیں' اسے بننا سنورنا پسند ہے لیکن اگر وہ آپ کو اپنے کپڑوں اور میک اپ سے متاثر نہ کر سکی تو اسے بے حد مایوسی ہوگی۔ وہ جتنی پُرسکون ہوگی' اتنا ہی بہتر ہے کیوں کہ حوت عورتیں آپ کے مطابق خود کو ڈھالنے کی مہلت چاہتی ہیں۔

ہو سکتا ہے وہ تھوڑا نروس ہو لہٰذا شروع کے نصف گھنٹے تک آپ کو گفتگو کی لگام اپنے ہاتھ میں رکھنی ہوگی (یہ ہمیشہ سچ نہیں ہوتا، بعض حوت عورتیں رومانس کے معاملے میں بہت بے باک ہوتی ہیں اور گفتگو میں پہل کرنے میں ذرا نہیں گھبراتیں لیکن مرد کو ہمیشہ گفتگو میں پہل کرنی چاہیے)

کسی تفریح گاہ میں شام گزارنا بہت اچھا رہے گا۔ دن میں کسی عمدہ ہوٹل میں چائے پینا بھی خاصا خوشگوار ہوگا۔ یہ سب بے حد مہذب طریقے ہیں اور اس میں لطف بھی ہے' وہ بہت خوش ہوگی۔

جب قربت میں اضافہ ہو جائے تو کسی بہانے سے اس کے پیر کو سہلائیں' آپ کے چھوتے ہی وہ مکمل طور پر پگھل جائے گی۔

جہاں تک حوت مرد کا تعلق ہے، اسے مردانہ انا کا اظہار کرنے دیں، وہ بے شک ایسا نہیں (اندر سے وہ بہت نرم ہے) لیکن اس وقت تک اکٹرفوں میں رہنا چاہتا ہے جب تک وہ آپ سے بے تکلف نہ ہوجائے۔ اسے اپنے لیے دروازہ کھولنے نہ دیں، کھانے پر مدعو کریں اور عمومی طور سے خود کو سخت گیر سمجھنے دیں۔ وہ اپنے چہرے پر وہی نقاب چڑھانا چاہتا ہے جو معاشرے نے بچپن میں اسے پہننا سکھایا تھا کیوں کہ لڑکے روتے نہیں لیکن وہ آپ کو اشعار لکھ کر دے گا، آپ کی دلجوئی کرے گا اور آپ کو ہنسائے گا۔

حوت کے لیے تحفہ

چونکہ حوت افراد کو کبھی کبھی اپنے لیے کوئی کام انجام دینے پر مجبور کرنا پڑتا ہے اور وہ اپنی صحت کی طرف سے بھی حد درجہ بے پرواہ ہوتے ہیں لہٰذا ان کے لیے مساج کا انتظام کریں یا کوئی ورزش کا کورس کرادیں۔

اگر آپ کا حوت تخریب ذات ٹائپ کا ہے تو اسے الکحل سے دور رکھیں لیکن کوئی فینٹاسی ناول یا فینٹاسی کمپیوٹر گیم اس کے رگ و پے میں سنسنی دوڑا دے گا اور اگلے دو دن تک اس کے ملنے کی توقع مت رکھیں۔

حوت افراد بڑے جذباتی اور رونے دھونے والے ہوتے ہیں، پرانی یادیں انہیں اشک بار کر دیتی ہیں لہٰذا ان کے دادا اور دادی کی تصویروں کو خوبصورتی سے فریم کرائیں یا ان کے والدین کی کوئی یادگار سنبھال کر رکھیں اور اچھی سی موسیقی کا اہتمام کریں، ان کی آنکھیں اشکبار ہوجائیں گی اور وہ بار بار ٹشو پیپر کی طرف ہاتھ بڑھائیں گے۔

اگر آپ کچھ عرصہ ان سے دور رہے تھے اور آپ کو ان کی طرف سے خطوط موصول ہوتے رہے تھے تو واپس آکر ان کے لیے کھانے کا اہتمام کریں اور اس دوران میں ان کے خطوط انہیں پڑھ کر سنائیں، وہ بہت لطف اندوز ہوں گے۔

حوت افراد ستی اور پرانے طرز کی چیزیں پسند کرتے ہیں، حوت عورتیں اپنے لڑکپن کی چیزیں زندگی بھر سنبھال کر رکھتی ہیں، کوئی میوزک باکس یا گڑیا یا کوئی اور کھلونے کا تحفہ پا کر وہ بہت خوش ہوں گی جن میں سے پرانے زمانے کی بو آرہی ہو۔

کوئی بھی شے جس سے ان کی تخلیقی صلاحیتوں کی حوصلہ افزائی ہو، حوت افراد کے لیے بہت اچھی ہے، ان کی اپنی بہتری کے لیے پینٹنگ کورس میں ان کا داخلہ کرا دینا ایک اچھی بات ہوگی، وہ خوشی خوشی جائیں گے اور اس سے لطف اندوز ہوں گے کیوں کہ وہ یہ کام آپ کی خاطر کر رہے ہیں۔

انہیں خاص طور سے ایسے تحفے پسند ہیں جن میں پانی شامل ہو۔

صرف خواتین کے لیے

وہ کیسا ہے؟

وہ نہایت لطیف خواب دیکھنے والا ہے جس کے دل میں رومانوی خواہشات اور پوشیدہ آرزوئیں ملتی ہیں۔

حوت صوفی منش ہے جو دنیا کو اس طرح نہیں دیکھتا جیسی یہ ہے بلکہ اس طرح دیکھتا ہے جیسا وہ دیکھنا چاہتا ہے، اس کے اندر کسی شاعر کی روح ہے جو تیرگی نہیں بلکہ اجالا، روشنی، آب و تاب دیکھنا چاہتی ہے اور جہاں بھی اسے یہ چیز ملے گی وہ اسے حاصل کرلے گا چاہے وہ آرٹ کی شکل میں ہو یا الکحل، منشیات، سیکس یا فنٹاسی کی شکل میں۔

وہ فراریت کے رجحان کا حامل ہے اور ہر اس شے کا سامنا کرنے سے گھبراتا ہے جو اسے مضطرب یا بے قرار کردیتی ہے لہٰذا وہ خاموشی کے ذریعے گفتگو کرتا ہے، گویا خاموشی اس کی گفتگو اور بے زبانی اس کی زبان ہے، یہاں تک کہ اگر وہ پوری طرح ایمان دار ہو تب بھی اکثر محسوس ہوتا ہے کہ اس نے بہت سی باتوں کو زبان نہیں دی لہٰذا یہ سمجھنا بہت مشکل ہے کہ وہ کہاں سے آرہا ہے، کیا چاہتا ہے اور کہاں جائے گا اور غالب امکان یہی ہے کہ وہ خود بھی نہیں جانتا کیوں کہ وہ اپنا بیش تر وقت اپنے کنفیوژن کے کرب میں گزارتا ہے۔

بنیادی طور پر اس کا پسندیدہ احساس کسی نئی محبت کی تمام تر شہوانی مسرتوں سمیت کسی پر فریفتہ ہونا ہے لیکن جب دنیوی کام کی باری آتی ہے (جیسے کوڑے دان کو باہر لے جانا) تو وہ اپنی کتاب کے ساتھ چپ چاپ کھسک جاتا ہے۔

ایسے حوت بھی ہیں جو کاروباری دنیا کے مغل اعظم ہیں لیکن ان کی فطرت کچھ

فنکارانہ ٹائپ کے اظہار کی بھی شدید آرزومند ہوتی ہے' چاہے وہ اس کا اظہار کرے یا ذکر کرے۔

حوت مرد انتہائی تخلیقی، وجدانی اور کبھی کبھی سائیکک ہوتا ہے، وہ مجبوروں اور بے کسوں سے ہمدردی رکھتا ہے اور ان کا خاموش چیمپئن ہے اور اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ ایک جنت تخلیق ہو کر رہے گی' اپنے ظاہر سے قطع نظر وہ اندر سے بہت حساس اور جذباتی فطرت کا حامل ہے، اس کا ذہن دردمند ہے اور اس کے ارادے نیک ہیں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ وہ اپنے ہی دماغ پر اتنا وقت صرف کرتا ہے کہ اس کا رویہ خود غرضانہ اور اس کے افعال بے حس بھی ہو سکتے ہیں۔

حوت مرد کا مسئلہ یہ ہے کہ وہ اپنے احساسات کا غلام ہونا چاہتا ہے اور چاہے وہ خوف، محبت، خواہش یا افسردگی کے احساسات ہوں، وہ اسے اپنے اشارے پر نچاتے ہیں اور وہ ان کے اشاروں پر ناچتا ہے لہٰذا اگر چہ وہ بہت جلدی کسی کی محبت میں گرفتار ہو سکتا ہے لیکن دباؤ پڑنے پر اتنی ہی تیزی سے محبت سے بھاگ بھی سکتا ہے' یہ غیر مستقل مزاجی اس ہستی کے لیے خاصی پریشان کن اور الجھن میں ڈالنے والی ہو سکتی ہے جو پانچ ہی دن پہلے اس کی خوشیوں کا محور اور مرکز تھی لیکن حوت مرد اپنے اس رویے کو کبھی پریشان کن یا الجھن میں ڈالنے والا نہیں سمجھے گا کیوں کہ وہ اس پر غور کرنا بھی نہیں چاہتا' وہ بس ایک ہی بات جانتا ہے وہ یہ کہ جو چیزیں بری لگیں' اس سے بھاگ نکلو اور چوں کہ وہ اس کام میں اتنا ماہر ہو جاتا ہے اور اتنی چالاکی سے راہ فرار اختیار کرتا ہے کہ اس کی محبوبہ یہی سمجھتی رہتی ہے کہ وہ اب بھی موجود ہے۔

وہ کیا سوچتا ہے کہ اسے کیا چاہیے؟

وہ چاہتا ہے کہ کسی شاندار محبت کی جذباتی قوت اور شہوانی مسرت اسے بالکل بہا کر لے جائے' حوت مرد کے اندر ایک شاعر کی روح ہے جو کیف و سرور میں ڈوب جانا چاہتی ہے' وہ ایک ایسی زندگی جینا چاہتا ہے جو چوتھے ڈائمنشن میں ہو جہاں ہر طرف کیف و سُرور ہو، سرمستیاں ہوں اور جہاں کوئی شے رنگ میں بھنگ ڈالنے والی نہ ہو' ایسی محبت اسے شاید کبھی نہیں ملتی لہٰذا وہ ہمیشہ ایسی محبت کی تلاش میں رہتا ہے۔

وہ کیا چاہتا ہے؟

وہ ذہنی، جذباتی اور شہوانی جوشیلا پن چاہتا ہے' جتنا زیادہ ہو اتنا ہی بہتر ہے، جتنا پائیدار ہو اتنا ہی شان دار ہے۔

وہ کس سے ڈرتا ہے؟

بوریت، روٹین، بے کیفی' جو دواس کے اعصاب پر برا اثر ڈالتے ہیں اور اس کے بدترین خوف کا سبب بنتے ہیں' وہ یکسانیت سے فرار حاصل کرنے کے لیے فن کارانہ تجربہ، منشیات، الکحل، سیکس اور تصوف میں پناہ لیتا ہے اور کسی پرہجوم جگہ میں بھی سر جھکا کر چلتا ہے کیوں کہ وہاں ایسی بہت سی چیزیں ہیں جنہیں وہ دیکھنا یا سننا پسند نہیں کرتا' حوت مرد وہی دیکھتا ہے جو دیکھنا چاہتا ہے اور وہی سنتا ہے جو سننا چاہتا ہے' وہ اپنا منظر نامہ خود لکھتا ہے لہٰذا اگر آپ اس کی آنکھوں میں دیکھ رہی ہوں اور یہ محسوس کریں کہ وہ آپ کے ساتھ نہیں ہے تو سمجھ جائیں کہ اس کے دماغ میں کوئی فلم چل رہی ہے اور وہ بھی رنگین۔

عورت، محبت اور سیکس کے معاملے میں؟

حوت مرد ایک بے حد لطیف رومان پسند ہے جو پانچ منٹ میں کسی کی محبت میں گرفتار ہو سکتا ہے اور چار منٹ میں محبت سے آزاد ہو سکتا ہے' اہم بات یہ ہے کہ وہ عورتوں سے محبت کرتا ہے لیکن جو چیز اسے سب سے زیادہ مسحور کرتی ہے وہ کسی عورت کا ہوشربا حسن نہیں بلکہ جذبات کی وہ شدت ہے جو وہ کسی کے لیے اپنے اندر محسوس کرتا ہے۔

دلو مرد کی طرح حوت مرد بہت سی عورتوں سے بہت سے مختلف طریقوں سے محبت کر سکتا ہے لیکن دلو مرد کے ٹھٹھرے ہوئے جذبات کے برعکس اس کے جذبات بہت ڈرامائی ہیں۔

وہ ایک خواب دیکھنے والا شخص ہے جو جذباتی ڈرامے سے پیار کرتا ہے' وہ جذبات انگیزی، جذباتی مناظر کے کیف و سرور اور فنطاسی کی شہوانی اڑانوں کے لیے جیتا ہے اور جب یہ چیزیں ختم ہو جاتی ہیں تو اس کی توجہ کسی اور طرف مبذول ہو جاتی ہے۔

ایسے حوت بھی ہیں جو صرف ایک ہی تعلق پر قناعت کرتے ہیں اور اپنی شریک حیات کے پلو سے بندھے رہتے ہیں، ادھر ادھر نہیں بھٹکتے لیکن اس کا

امکان ہے کہ وہ بہت زیادہ خواب ناک اور تصوراتی باتیں سوچتے ہیں لیکن آپ اس کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہہ سکتے کیوں کہ یہ پُراسرار ہوتے ہیں اور کبھی مکمل طور پر اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتے لیکن یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ وہ برج ہے جو شادی سے پہلے اور شادی کے بعد بہت سے معاشقوں سے وابستہ رہتا ہے اور شادی کے دوران میں بھی وہ عام کنواروں سے بہت زیادہ عاشقانہ زندگی گزارتا ہے لیکن منطقۃ البروج کے تمام برجوں میں وہ سب سے کم جنسی جارحیت پسند ہوسکتا ہے۔

چونکہ وہ ایسا آدمی نہیں ہے جو اپنی راہ سے ہٹ کر چلے جب اس کا معاشقہ چلتا ہے تو اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ حالات ہی کچھ ایسے ہوجاتے ہیں' یہ بھی کہا جاتا ہے کہ حالات نہایت پراسرار طریقہ سے ہمیشہ اس کے موافق ہوجاتے ہیں' شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ وہ تمام امکانات کے لیے ہمیشہ الرٹ رہتا ہے اور چوں کہ وہ اتنے دوستانہ طریقہ سے آگے بڑھتا ہے اور پھر لاتعلق سا ہوجاتا ہے کہ عورتیں اکثر خود قدم اٹھانے پر مجبور ہوجاتی ہیں۔

لہٰذا حوت مرد کے پاس اپنی خواہشات کی تسکین کا ایک بڑا ہی عیار اور کامیاب طریقہ ہے لیکن یہ کہا جاسکتا ہے کہ وہ معاشقہ ختم ہونے کے بعد نہ صرف اپنی ہر محبوبہ کو یاد کرتا ہے بلکہ ان تمام عورتوں کے اپنے گرد ایک ہجوم کا خواہاں رہتا ہے اور انہیں اپنا دوست سمجھتا ہے' گویا عشق ختم ہوگیا' کوئی بات نہیں' دوستی برقرار رہنی چاہیے۔

حوت مرد اپنی ہمدردانہ فطرت پر ناز کرتا ہے، نیز اس پر بھی ناز کرتا ہے کہ اس کے بیشتر معاشقوں کی پرانی چنگاریاں اس کی خاکستر میں رہتی ہیں تاہم اس کے کردار کا ایک انتہائی پیچیدہ تضاد یہ ہے کہ ایک شخص جو اتنا جذباتی ہو وہ اس قدر لاتعلق اور غیر جذباتی بھی ہوسکتا ہے؟ سفاکی کی حد تک۔

اہم بات یہ ہے کہ وہ سارے زمانے کا دکھ اپنے دل میں لیے پھرتا ہے لہٰذا اس کی اپنی ذات کی انا سے اس فاصلہ بڑھ جاتا ہے' اگر اس کی محبوبہ اچانک اس سے یہ کہے کہ وہ اسے اپنے خفیہ عاشق سے ملوانا چاہتی ہے تو وہ نہ صرف یہ کہ ناراض نہیں ہوگا بلکہ سمجھنے کی پوری کوشش کرے گا اور اگر وہ غور کرنے کے بعد اس نتیجے پر پہنچے کہ اس کا رقیب اس کی محبوبہ کو زیادہ خوش رکھ سکتا ہے تو وہ نہایت شرافت سے اپنے رقیب کے حق میں دست بردار ہوجائے گا، یہ بات غور کرنے کی ہے کہ حوت مرد کو حسد میں مبتلا کرنا تقریباً ناممکن ہے' وہ کسی جذباتی لمحے میں آپ سے یہ سرگوشی کرسکتا ہے کہ وہ آپ کی خاطر اپنی زندگی قربان کرسکتا ہے لیکن برج حوت کی پوری تاریخ میں کبھی ایسا نہیں ہوا کہ وہ آپ کی خاطر اپنے رقیب سے لڑا ہو' اس نے اپنی جان کی قربانی دی ہو، اگر وہ اپنے رقیب کے حق میں دست بردار ہونے کو تیار نہ ہو اور آپ سے جدا نہ ہونا چاہتا ہو تو پہلے دھونس و دھمکی سے کام لینے کی کوشش کرے گا اور بعد ازاں رونا دھونا اور خودکشی کرنے کی دھمکی دینا شروع کردے گا، بالآخر زیادہ امکان یہی ہے کہ وہ کسی اور پھول پر جا بیٹھے گا۔

جنسی اعتبار سے اس پر جمودی طاری رہتا ہے اور وہ اس بات کو ترجیح دیتا ہے کہ عورت ہی اس کی جگہ سنبھال لے' وہ خود کوئی قدم اٹھانے کے بجائے صرف تقلید کرے گا لہٰذا وہ ایسی عورتوں سے بہت مطمئن رہتا ہے جو اس معاملے میں جارحیت پسند ہوتی ہیں اور چارج سنبھال لیتی ہیں' وہ خود صرف ہواؤں میں اڑتا رہتا ہے۔

جب شادی کی بات آتی ہے تو اسے قابو میں کرنا ایک چیلنج ہے' کیوں کہ گھریلو کام کاج کا بکھیڑا براہ راست اس کے رومینٹک ڈرامے سے ٹکراتا ہے لہٰذا وہ شادی کے معاملہ پر گفتگو کرنے سے حتی الامکان گریز کرتا ہے اور جتنا ممکن ہو ٹال مٹول سے کام لیتا ہے' یہاں تک کہ وہ یہ امید کرنے لگتا ہے کہ آخر کار آپ شادی کی بات بھول چکی ہوں گی' اگر اس سے کام نہیں چلتا تو وہ منت سماجت کرنے پر اتر آتا ہے لیکن اس کی قیمت یہ ہے کہ شادی کی رسومات کے دوران میں وہ یہی ظاہر کرے گا کہ یہ سب کچھ بیچ اس کے ساتھ پیش نہیں آرہا' یہ حقیقت ہے کہ حوت مرد ایک معما ہوسکتا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ وہ بڑا معصوم' دلکش اور بے حد پیارا لگ سکتا جس سے محبت کی جانی چاہیے' اپنے دل کے اندر وہ وفادار ہے کیوں کہ وہ وفاداری کو محبت کا ایک روپ سمجھتا ہے' ملکیت کا نہیں اور آپ کسی بھی پہلو سے دیکھ لیں، حوت مرد بہتوں سے زیادہ محبت کرسکتا ہے۔

اس کی خوبیاں؟

وہ ہمدرد' رحم دل' مہربان' خیال رکھنے والا ہوسکتا ہے' خاص طور سے اس

صورت حال میں کہ جب جذباتی فاصلہ موجود ہو۔

حوت مرد انتہائی وجدانی، تصوراتی، فن کارانہ اور رومینٹک ہوسکتا ہے، محبت میں وہ آپ کو یقین دلائے گا کہ آپ ہی اس کی سب سے عظیم محبت ہیں اور آپ کے بغیر وہ زندہ رہنے کا تصور ہی نہیں کرسکتا۔ وہ آپ کو اپنے خواب و خیال کی دنیا میں لے جائے گا اور یہ محسوس کرائے گا کہ آپ سترہ سال کی ایسی دوشیزہ ہیں جس کا مقام حسین پھولوں کی سیج ہے اور پہلی بار محبت میں مبتلا ہوئی ہیں، کوئی عورت اچانک یہ محسوس کرسکتی ہے کہ اس کی زندگی ایک نغمہ ہے جسے حوت مرد گنگنارہا ہے۔

اس کی خامیاں؟

وہ منافق، بے ایمان، سازشی، طنزآمیز باتیں کرنے والا اور انفعالی ہوسکتا ہے، کم تر درجہ کا حوت مرد فرار پسند اور منشیات میں پناہ لینے والا ہے، منشیات، الکحل اور سیکس اس کا مقصد حیات ہیں، اہم بات یہ ہے کہ وہ سنسنی خیزی اور ہیجان انگیزی کے لیے جیتا ہے اور جب اس کے خواب تباہی و بربادی کا پھندا بن جاتے ہیں جو نہ صرف اس کے لیے بلکہ اس کے اردگرد رہنے والے ہر شخص کے لیے دکھ اور مصیبت کا باعث ہوتے ہیں تو وہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، راہِ فرار اختیار کرتا ہے اور اس حوالے سے اس کے پاس نت نئے عذر اور بہانے بہت ہیں۔

اس کی توجہ کیسے حاصل کریں؟

حوت مرد بذلہ سنج اور زندہ دل عورتوں کو بے حد پسند کرتا ہے جن کی موجودگی اس کے لیے کسی پریشانی کا باعث نہ ہو اور وہ بے تکلفی سے اٹھ بیٹھ سکے اور آرام سے باتیں کرسکے لیکن وہ ایسی عورتوں کے مقابلے میں جن کی ضروریات اور مطالبات پورے کرنے ہوں، ناقابل حصول جنسی فطاسی کو زیادہ پسند کرتا ہے لیکن اگر آپ ہر صورت میں اسے پانا چاہتی ہیں تو پہلے اسے رجھائیں اور اسے احساس دلائیں کہ وہ آپ کو مطلوب ہے پھر انتہائی خواب ناک ماحول میں اس کی خاطر مدارات کریں، آپ جتنی سیکسی نظر آئیں اس کے دل میں اتنی ہی آگ بھڑکے گی۔

کیسے تعلق مضبوط رکھیں؟

یہ اتنا آسان نہیں ہے کیوں کہ اس کا ذہن اور اس کے جذبات بھٹکتے رہتے ہیں، اس کی بھرپور توجہ حاصل کرنے کے لیے اسے رومانس کی رنگینیوں میں الجھائے رکھیں، ہردن اور ہر رات مختلف رومانوی ڈرامار چائیں، اسے احساس دلائیں کہ اس کی زندگی عظیم ہے، اسی دوران اس امر کو یقینی بنائیں کہ آپ ہر وقت اسے دستیاب نہیں ہوسکتیں کیوں کہ آپ کے ساتھ بھی کچھ مسائل ہیں جن کا بوجھ آپ اس پر نہیں ڈالنا چاہتیں، وہ آپ کو خوش رکھنے کے لیے ہر وقت کوئی نہ کوئی کام کرتا رہے، آپ اسے کسی نہ کسی مصروفیت میں الجھائے رکھیں کیوں کہ آپ اس سے جتنا کام لیں گی، وہ اتنا ہی آپ کی تعریف کرے گا لہٰذا اسے تگنی کا ناچ نچاتی رہا کریں، اسے یہ کبھی مت بھولنے دیں کہ اس پر آپ کا کتنا غلبہ ہے، آپ جب تک چاہیں گی، وہ آپ کا غلام بنا رہے گا، اگر درمیان میں اس کی نظر کسی اور جانب نہ گئی۔

حقیقت پسندانہ توقعات؟

چونکہ یہ شخص پُراسرار ہے، اپنے لیے بھی لہٰذا نہ صرف اس بات کی پیشن گوئی کرنا مشکل ہے کہ وہ کیا کرے گا اور کیوں کرے گا؟ کبھی کبھی آپ کو ایسا لگے گا کہ جیسے آپ بہت کچھ دے رہی ہیں اور اس کے بدلے میں آپ کو بہت کم مل رہا ہے، بعض اوقات اس کے الفاظ آپ کو باور کرائیں کہ وہ آپ کا ہے لیکن اس کے عمل سے ظاہر ہوگا کہ ایسی کوئی بات نہیں ہے چوں کہ وہ اتنا گم صم ہوسکتا ہے کہ آپ کو ایسا لگے گا کہ آپ اپنے رومینٹک ڈراما کی خود ہی پروڈیوسر ہیں، خود ہی ڈائریکٹر ہیں اور خود ہی اکیلی اداکارہ ہیں اور اس کی گریز پا شخصیت کے سبب ہو سکتا ہے کہ آپ ایسی ہی ہوں۔

یہ ایک ایسا تعلق یا رشتہ ہے جو نفع نقصان کے تناسب کے ساتھ ہونا چاہیے، احتیاط سے تخمینہ لگائیں کہ آپ کیا چاہتی ہیں، مقابلے میں آپ کو کیا مل رہا ہے اور اس کے جواب میں آپ کیا دے رہی ہیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اگر آپ کو کچھ نہیں مل رہا تو اس دھوکے میں نہ آئیں کہ کبھی نہ کبھی تو کچھ ملے گا۔

حوت مرد کبھی نہیں بدلے گا اور اس وقت بدلے گا جب کسی دوسری عورت کی خاطر آپ کی زندگی سے ہمیشہ کے لیے نکل جائے گا۔

آپکا ماہِ مارچ 2016 کیسا رہے گا

astrology march

فہرست

خصوصی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النُّحُوْسَتُ الشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَرِی وَالزُّحَل وَالزُّھْرَہ وَالْعَطَارَد وَالْمَرِیْخ وَالرَّاس وَالذَّنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کرسکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک و بد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری										
حروف	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ابجد	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
	20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
قمری	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
	300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

ستارہ: مریخ ♂
حروف: ال ع
دن: منگل
اعداد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
Ruling Planet: Mars
Symbol: The Ram
Your Stone: Ruby
Life Pursuit: The thrill of the moment.
Secret Desire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 6 مارچ آٹھویں رہتے ہوئے وراثتی وقانونی امور میں خاص توجہ بڑھائے جبکہ 7 تا 31 مارچ مریخ نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے حصول اور بیرونِ ملک سفر سے متعلق معاملات میں آسانیاں دلائے۔ 6,5 مارچ عطارد مریخ تربیع کے باعث بحث وتکرار سے گریز ضروری رہے اور صحت کا خاص خیال رکھیں۔ لیکن 9 مارچ بارہویں سورج گرہن حاسدین سے محفوظ رہ سکیں، صدقات ضرور دیں۔ 16,15 مارچ زہرہ مریخ تربیع کے باعث جذباتی کیفیت اور دوسروں سے تعلقات میں احتیاط برتیں۔ 23 مارچ ساتویں چاند گرہن مشترکہ کاموں اور ازدواجی زندگی میں مشکلات کا اندیشہ محتاط رہیں اور صدقات دیں۔ 26,25 مارچ عطارد مریخ تثلیث کے باعث تکنیکی کاموں میں رکاوٹ مہارت سے دور کرسکیں اور تجربات میں کامیابی ملے۔ معاملات میں اختلافات کا خاتمہ رہے۔ 27,26 مارچ شمس مریخ تثلیث کے باعث حقیقت سے بڑھ کر بیان کرنا پریشانی لائے، لیکن مسائل کو حل کرنے کی قابلیت بڑھے، خوداعتمادی بڑھے۔ دورانِ گرہن صدقات کے علاوہ دورکعت نفل نمازِ کسوف برائے سورج گرہن اور نمازِ خسوف برائے چاند گرہن نحوست سے محفوظ رہنے کے لیے ضرور ادا کریں۔

پہلا ہفتہ : سفر کے مواقع ملیں جس سے کاروباری اور سرمایہ کاری کے معاملات ترقی کرسکیں۔ دوروراز سے کسی دوست سے ملاقات کرسکیں گے۔ شراکتی کاروبار میں دلچسپی رہے۔ طالب علم اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف رہیں۔ گزشتہ نجی مسئلے کو دوبارہ سے حل کرسکیں گے۔ سماجی تقریبات میں شرکت کرنے میں آپ کو احتیاط کی ضرورت ہے۔

دوسرا ہفتہ : بری عادات کی وجہ سے اپنی شہرت کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ ایسے معاملات طے کرسکیں گے جس سے مستقبل روشن ہوسکے۔ سرمایہ کاری کا آغاز منافع بخش رہے۔ دیرینہ خواہشات کی تکمیل ہوسکے۔ خریدوفروخت کے معاملات کو صیغہ راز میں رکھنا ضروری ہے۔ آپ اور آپ کا شریک کار کوئی اہم کاروباری فیصلہ کرسکیں۔ ذرائع ابلاغ سے مستفید ہوسکیں گے۔

تیسرا ہفتہ : خاندان کے افراد کے ساتھ مل کر تقریبات میں حصہ لے سکیں۔ گھریلو اور جائیداد کے معاملات طے ہوں۔ دوستوں کے ذریعے سے سرمایہ کاری کرنا بہتر رہے گا۔ رومانس سفر اور اس قسم کے معاملات میں آپ کی دلچسپی بڑھے۔ ملازمت کے خواہشمند افراد کو ملازمت کا حصول ہوسکے۔ خواہش مند افراد کی شادی خانہ آبادی طے ہوسکے۔ چھٹیوں میں روحانی محافل میں شرکت یا پھر سیر وتفریح کے پروگرام پر عمل کرسکیں۔

چوتھا ہفتہ : مستقبل کی پلاننگ کرسکیں اور سرمایہ کاری میں ترقی کا رجحان پایا جائے۔ کاروباری معاملات طے کرتے وقت آپ کے تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں اور آپ کے شریک کار افراد آپ سے اُلجھ سکتے ہیں۔ کسی اہم شخصیت کے خیالات سے آپ فائدہ حاصل کرسکیں۔ مالی معاملات میں دلچسپی رہے۔ سفر کے معاملات پر عمل کرسکیں۔ بے روزگار افراد کو مناسب روزگار مل سکے۔

سعد تواریخ: 26,25 مارچ　**نحس تواریخ**: 15,5 مارچ

TAURUS

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
اعداد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Bull
Your Stone: Emerald
Life Pursuit: Emotional and financial security.
Secret Desire: To have a secure, happy and wealthy life/marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا 12 مارچ وتد السماء میں رہتے ہوئے کاروباری وکیریئر سے متعلقہ امور میں راحت بخشے۔ جبکہ 13 تا 31 مارچ گیارہویں رہتے ہوئے حلقۂ احباب سے محبت بڑھے اور خواہشات کی تکمیل ممکنات میں سے ہوسکے۔ یکم، 2 مارچ زہرہ زحل تسدیس سے فرض شناسی، ایمانداری، مثبت فیصلے اور کاروباری معاہدے عمل میں آسکیں۔ 4,3 مارچ زہرہ یورانس تسدیس کے باعث منفرد خیالات کا اظہار اور روابط بڑھیں۔ 9 مارچ گیارہویں سورج گرہن دوسروں سے تعلقات کی وابستگی مایوسی دلائے، صدقات ضرور دیں۔ 16,15 مارچ زہرہ مریخ تربیع کے باعث دوسروں سے خواہ مخواہ کے اختلافات کا اندیشہ اور جذبات پر کنٹرول رکھیں۔ 21,20 مارچ زہرہ نیپچون قران کے باعث عشق ومحبت کے تعلقات حساس اور خواہشات جنم لیں۔ 23 مارچ چھٹے چاند گرہن کے باعث صحت جسمانی اور ملازمتی امور بہتر رہیں۔ لیکن اس دوران صدقات بھی دیں۔ 26,25 مارچ زہرہ مشتری مقابلہ کے باعث حالات کا غلط تعین مشکلات وپریشانیوں کا باعث بنے۔ بزرگوں سے مشاورت ضرور کریں۔ 26,25 مارچ ہی زہرہ زحل تربیع کے باعث اختلافات کا اندیشہ، احتیاط برتیں۔ 27,26 مارچ زہرہ پلوٹو تسدیس کے باعث دوسروں سے خاص مقاصد کے تحت مشترکہ امور کا آغاز راحت دلائے۔ دورانِ گرہن صدقات کے علاوہ دورکعت نفل نمازِ کسوف برائے سورج گرہن اور نمازِ خسوف برائے چاند گرہن نحوست سے محفوظ رہنے کے لیے ضرور ادا کریں۔

پہلا ہفتہ: گزشتہ کاموں میں کی گئی محنت سے نفع حاصل کرسکیں۔ ملازمت' صحت اور خاندانی امور میں آپ بہتری محسوس کرسکیں۔ جائیداد سے متعلقہ شعبے میں سرمایہ کاری کرنا آپ کے لئے بہتر رہے۔ گھریلو' قانونی اور کاروباری معاملات میں آپ کی دلچسپی بڑھے۔ عزیز واقارب سے تعلقات خراب ہونے کا خدشہ ہے۔ آپ اپنے کاروبار میں کامیابیاں حاصل کرسکیں۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے۔

دوسرا ہفتہ : یہ ہفتہ رومانس کے لئے بہتر رہے۔ نجی ترقی' قانونی امور' عزیز واقارب کے معاملات اور تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف رہیں۔ سفر وسیلہ ظفر ثابت ہو۔ نئے کام کا آغاز کرنا بہتر رہے۔ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرسکیں۔ خاندانی اور سماجی امور میں مصروفیت بڑھے۔ سماجی تقریبات میں شرکت کے مواقع ملیں۔ ذہانت اور حکمت عملی سے ترقی حاصل کرسکیں گے۔ شریک حیات کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔

تیسرا ہفتہ: مہمانوں کو خوش آمدید کہہ سکیں۔ روزمرہ کے معمولات میں دلچسپی بڑھے۔ رومانس کے معاملے میں کوئی اہم پیغام سن سکیں۔ خود اعتمادی بڑھے اور آپ نجی ترقی کیلئے کوشاں رہیں۔ طالب علم اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں مصروف رہیں۔ چھٹیوں میں سفر کے پروگرام پر عمل کرسکیں گے۔ سرمایہ کاری سے خاطر خواہ نفع حاصل کرسکیں۔ بزرگوں کا تعاون حاصل رہے۔

چوتھا ہفتہ :عزیز واقارب کی طرف سے کوئی اہم پیغام موصول ہو۔ کاروباری معاملات آپ کے لئے بہتر رہیں۔ مستقبل کی منصوبہ بندی کرسکیں۔ پریشانیوں سے نجات حاصل کرسکیں۔ گھریلو اور بیرونی سرگرمیوں میں آپ کا رجحان بڑھے۔ رومانس کے معاملات میں آپ کی کوئی دیرینہ خواہش شادی جیسی پوری ہوسکے۔ گھریلو اور بیرونی کاروباری امور میں آپ کوئی نیا قدم اٹھاسکیں۔ بچوں کے معاملات تسلی بخش رہیں۔ اپنی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔

سعد تواریخ: 26,20,3,1 مارچ　**نحس تواریخ**: 25,15 مارچ

GEMINI

جوڑا
22 May
21 June

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Twins
Your Stone: Aquamarine
Life Pursuit: To Explore a little bit of everything.
Secret Desire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 5 مارچ نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بیرونِ ملک کامیابی مل سکے۔ 6 تا 22 مارچ عطارد وتد السماء میں رہتے ہوئے کیریئر و کاروباری امور سے عزت ملے۔ 23 تا 31 مارچ عطارد گیارہویں رہتے ہوئے دوست واحباب اور سوشل لائف ہائی لائٹ رہے۔ 6,5 مارچ عطارد مریخ تربیع کے باعث جلد بازی سے گریز اور بحث وتکرار سے پرہیز کریں۔ 9 مارچ دسویں سورج گرہن سے کیریئر و کاروباری امور میں خاص احتیاط کی ضرورت اور صدقات بھی دیں۔ 12,11 مارچ عطارد نیپچون قران سے فنکارانہ صلاحیتیں نکھریں اور تخیل کو حقیقت کا رنگ دے سکیں۔ 16,15 مارچ عطارد زحل تربیع کے باعث تنگ نظری اور محدود روابط کاموں میں التواء کا باعث بنیں، بزرگوں سے مشاورت ضرور کریں۔ 16,15 مارچ ہی عطارد پلوٹو تسدیس کے باعث گفتگو میں اثر اور نفسیاتی مسائل میں بہتری ہو سکے۔ 16,15 مارچ ہی عطارد مشتری مقابلہ سے ذہن پریشان اور کیے گئے فیصلے پریشانی کا باعث بنیں، محتاط رہیں۔ 25,24 مارچ شمس عطارد قران کے باعث قوت فیصلہ مثبت و مستحکم اور حالات کے مطابق خود کو ڈھالنے کی قابلیت۔ 23 مارچ پانچویں چاند گرہن کے باعث اولاد اور محبت کے امور خاص توجہ کے مستحق ہوں، اس دوران صدقات بھی دیں۔ 26,25 مارچ عطارد مریخ تثلیث سے حالات میں مثبت تبدیلیاں اور درپیش مسائل کا خاتمہ ممکنات میں سے ہو۔ 31,30 مارچ عطارد زحل تثلیث سے معاملات کا سنجیدگی سے مثبت حل تلاش کیا جائے اور مثبت اقدامات کرسکیں۔ 31,30 مارچ ہی عطارد پلوٹو تربیع کے باعث بحث وتکرار سے گریز کریں اور ذہن پریشان، محتاط رہیں۔ دورانِ گرہن صدقات کے علاوہ دو رکعت نفل نمازِ کسوف برائے سورج گرہن اور نمازِ خسوف برائے چاند گرہن نحوست سے محفوظ رہنے کے لیے ضرور ادا کریں۔

پہلا ہفتہ: گھریلو ضروریات کی خریداری کرسکیں۔ دوستوں کی طرف سے کسی دعوت کا اہتمام ہو سکے۔ گھریلو اور سماجی امور میں مصروفیت بڑھے۔ رومانوی ماحول خوشگوار رہے۔ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرسکیں۔ دوستوں کیساتھ لین دین کے معاملات طے کرنے میں احتیاط برتیں۔ صحت جسمانی اور نجی امور میں آپ کی توجہ بڑھے۔

دوسرا ہفتہ: بیرونی سرگرمیوں میں اور مشترکہ کاروبار کے سلسلے میں آپ کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ کوئی اچھی خبر سن سکیں گے جس سے آپ سفر کا پروگرام بنا سکیں۔ سرمایہ کاری کے معاملات میں دلچسپی رہے۔ مشترکہ طور پر سرمایہ کاری کرسکیں۔ کاروباری اور قانونی امور کے سلسلے میں سفر پیش آسکے جو کہ فائدہ مند رہے اور بہت سے امور انجام کو پہنچیں۔ فضول خرچی سے پرہیز کریں ورنہ مالی مسائل جنم لے سکیں۔

تیسرا ہفتہ: مصروفیت میں اضافہ ہوگا۔ خواہش مند افراد کی شادی خانہ آبادی ہو سکے۔ اہم شخصیت سے ملاقات کرسکیں۔ خرید وفروخت کرتے وقت فضول خرچی سے اجتناب کریں۔ نجی مسائل حل کرسکیں۔ کسی عزیز کی طرف سے دعوت نامہ موصول ہو۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں شریک حیات اور بچوں کے معاملات اور ملازمتی امور میں دلچسپی بڑھے۔

چوتھا ہفتہ: معاون افراد سے کاروباری معاملات طے کرسکیں اور لین دین کے معاملات کو تحریر میں لانا بہتر رہے۔ کاروبار سے متعلق اہم خبر مل سکے۔ سفر کے پروگرام پر عمل کرسکیں۔ گھر میں کام کرتے وقت احتیاط کریں۔ مہمانوں کی خاطر تواضع کرسکیں۔ بے روزگار کو روزگار کے مواقع میسر آئیں۔ عزیز واقارب سے رابطہ قائم کریں۔

سعد تواریخ: 30,25,11 مارچ — **نحس تواریخ**: 15,5 مارچ

CANCER

سرطان
22 June
23 July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درِ نجف، سفید مرجان

Element: Water
Ruling Planet: The Moon
Symbol: The Crab
Your Stone: Moonstone
Life Pursuit: Constant reassurance and intimacy.
Secret Desire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

